Daily "ITTEFAQ NEWS" Karachi

ہم تو مٹ جائیں گے اے وطن لیکن تو نے
قائم رہنا ہے قیامت کی سحر ہونے تک

روزنامہ اتفاق نیوز کراچی

چیف ایڈیٹر: فیض الحسن

website : www.ittefaqnews.com

رجسٹرڈ نمبر MC-1432

dailyittefaqnews1@gmail.com

جلد نمبر 14 | ہفتہ 11 جنوری 2025، 10 رجب المرجب 1446ھ | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 224

سزائے موت سنادیتے ہیں کیا آرمی افسر کو اتنا تجربہ ہوتا ہے؟

جسٹس جمال مندوخیل

آرمی ایکٹ کا اطلاق صرف فوج پر ہوتا ہے، فوجی افسران کو بنیادی حقوق اور انصاف ملتے ہیں یا نہیں ہم سب کو مدنظر رکھیں گے، جسٹس جمال مندوخیل کے ریمارکس

کیس کوئی اور سنتا ہے اور سزا جزا کا فیصلہ کمانڈنگ افسر کرتا ہے، جس نے مقدمہ سنا ہی نہیں وہ سزا جزا کا فیصلہ کیسے کرسکتا ہے؟ جسٹس مسرت ہلالی کا دوران سماعت استفسار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ میں فوجی عدالتوں کے کیس کی سماعت کے دوران جسٹس جمال خان مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ کیا اس آرمی افسر کو اتنا تجربہ اور عبور ہوتا ہے کہ سزائے موت تک سنا دی جاتی ہے۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں سات رکنی آئینی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ وزارت دفاع کے وکیل خواجہ حارث نے دلائل دیے۔ سات رکنی آئینی بینچ میں جسٹس جمال خان مندوخیل، جسٹس محمد علی مظہر، جسٹس حسن اظہر رضوی، جسٹس مسرت ہلالی، جسٹس نعیم اختر افغان اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

پاک بحریہ کملاگ کمانڈ کی سالانہ ایفیشنسی ایوارڈ تقریب کا انعقاد

وائس چیف آف دی نیول اسٹاف وائس ایڈمرل اویس احمد بلگرامی کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاک بحریہ کملاگ کمانڈ کی سالانہ ایفیشنسی ایوارڈ کی تقریب پاکستان نیوی ڈاکیارڈ کراچی میں منعقد ہوئی۔ وائس چیف آف دی نیول اسٹاف وائس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

COMLOG COMMAND ANNUAL EFFICIENCY AWARD

پاکستان نیوی ڈاکیارڈ کراچی میں پاک بحریہ کملاگ کمانڈ کی سالانہ ایفیشنسی ایوارڈ کی تقریب سے وائس چیف آف دی نیول اسٹاف وائس ایڈمرل اویس احمد بلگرامی خطاب کررہے ہیں

سبز ہلالی پرچم یورپ کی فضاؤں میں لہرائیگا

خواجہ آصف

قومی ایئرلائن کی 4 سال کے بعد یورپ کیلئے پہلی پرواز مسافروں کو لے کر پیرس روانہ ہوگئی، 4 برس کے بعد یورپ کیلئے پی آئی اے کا آپریشن شروع ہوگیا

پی آئی اے کو زیادہ دیر نہیں لگے گی، کوشش کریں گے جلد نجکاری ہوجائے اور دیگر کمرشل ائرلائنز کی طرح مقابلہ ہو، وفاقی وزیر ہوابازی کا افتتاح تقریب سے خطاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی ائرلائن کی 4 سال کے بعد یورپ کے لیے پہلی پرواز مسافروں کو لے کر پیرس روانہ ہوگئی۔ 4 برس کے بعد یورپ کے لیے پی آئی اے کا آپریشن شروع ہوگیا، جس کی پہلی ہی پرواز پر مسافروں کا دیکھنے میں آیا اور طیارے کی تمام نشستیں بک تھیں۔ پی آئی اے کے بوئنگ 777 کو اسلام آباد ائرپورٹ پہنچایا گیا، جہاں پی کے 749 پرواز 12 بجے پیرس کے لیے روانہ ہوگئی۔ وزیر ہوابازی خواجہ آصف نے پرواز کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ڈی جی سول ایوی ایشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

5 خوارج سیکورٹی فورسز کے ہاتھوں ہلاک

علاقے میں پائے جانے والے کسی اور خارجی کو ختم کرنے کے لیے سینیٹائزیشن آپریشن کیا جارہا ہے، آئی ایس پی آر

مارے گئے خوارج دہشت گردی کی کارروائیوں کے ساتھ ساتھ معصوم شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ میں بھی ملوث تھے

ڈی آئی خان (بیورو رپورٹ) ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے میں سیکیورٹی فورسز کے آپریشن میں 5 خوارج ہلاک ہوگئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 10 جنوری کو سیکیورٹی فورسز نے خوارج کی موجودگی کی اطلاع پر ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے مدی میں انٹیلی جنس پر مبنی آپریشن کیا۔ آپریشن کے دوران سیکیورٹی فورسز نے خوارج کے ٹھکانے کو موثر طریقے سے نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں، خوارج کے سرغنہ شفیع اللہ شفیع سمیت پانچ خوارج کو ہلاک کردیا گیا۔ ہلاک ہونے والے خوارج کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا، مارے گئے خوارج سیکیورٹی فورسز کے خلاف دہشت گردی کی کارروائیوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

اسلام آباد، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے جے یو آئی ف کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن ملاقات کررہے ہیں

نجی حج پیکیج 11 لاکھ سے 21 لاکھ تک ہوگا

وزارت مذہبی امور

نجی حج اسکیم کی بکنگ 10 تا 31 جنوری جاری رہے گی، نجی حج اسکیم کے مختلف حج پیکیج وزارت کی ویب سائٹ پر موجود ہیں، ترجمان

اضافی سہولیات کے باعث 30 لاکھ سے زائد حج پیکیج ”حج پالیسی فامولیشن کمیٹی“ سے منظور کروانا ہوگا، منظوری کے وقت مکمل تفصیل فراہم کرنا ہوگا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزارت مذہبی امور نے حج 2025 کے حوالے سے اہم فیصلہ کرتے ہوئے نجی حج منظّم کمپنیوں اور ذیلی کمپنیوں کو بکنگ کی اجازت دے دی اور نجی عازمین حج کے پیکیج کی تفصیلات بھی جاری کردی۔ ترجمان وزارت مذہبی امور نے کہا کہ نجی حج اسکیم کی بکنگ 10 جنوری تا 31 جنوری 2025 جاری رہے گی، نجی حج اسکیم کے مختلف حج پیکیج وزارت کی ویب سائٹ پر موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نجی اسکیم کے بنیادی حج پیکیج پونے 11 لاکھ سے ساڑھے 21 لاکھ کے درمیان رکھے گئے ہیں اور حج منظّم کمپنیاں سہولت کی فراہمی کے معاہدے ایس پی اے کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

تبدیلی پہلے لاہور سے شروع ہوتی تھی اب پشاور سے ہوتی ہے

شیخ وقاص

بیماریوں کا علاج صحت کارڈ سے خیبر پختونخوا میں ہورہا ہے، مریم نواز نے ہر بیماری کا علیحدہ علیحدہ کارڈ شروع کردیا ہے، سیکریٹری اطلاعات پاکستان تحریک انصاف

725 ارب خیبر پختونخوا کا مجموعی قرض ہے، اتنا قرض شہباز حکومت نے صرف ایک ہفتے میں لے لیا ہے، صوبائی مشیر خزانہ مزمل اسلم کے ہمراہ پریس کانفرنس

پشاور (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے سیکریٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم نے مسلم لیگ (ن) کی حکومت پنجاب کے اقدامات پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ پنجاب میں کسان دشمن پالیسی چل رہی ہے۔ پشاور میں صوبائی مشیر خزانہ مزمل اسلم کے ہمراہ پریس کانفرنس میں پی ٹی آئی کے سیکریٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم نے حکومت پنجاب کے حوالے سے کہا کہ یہ لوگ جھوٹ بولنے کے ماہر ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مریم نواز نے کہا معیشت ہم نے صحیح سمت میں ڈال دی ہے، پنجاب اور یہاں کی معیشت کا موازنہ کرانا چاہتے ہیں، ہمارے وقت میں غربت کی شرح 12 فیصد اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

کوئی راستہ نہیں بچا اپنے کیسز عالمی سطح پر لے جائیں گے

عمران خان

ہم اسلام آباد ہائی کورٹ گئے، سپریم کورٹ گئے، ہمیں آج اندر جانے سے روکا گیا، ہم پیدل چل کر اندر والے گیٹ پر گئے، پہلے پوری فیملی کو اجازت ہوتی تھی، علیمہ خان

بانی پی ٹی آئی تک رسائی محدود کررکھی ہے، یہ ٹارچر ہے، ذاتی معالج کو بھی نہیں ملنے دیا جارہا، سابق وزیراعظم عمران خان چیزیں مانگتے ہیں تو یہ لوگ تنگ کرتے ہیں، میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان نے کہا ہے کہ ہمارے پاس کوئی راستہ نہیں بچا، ہم اپنے کیسز عالمی سطح پر لے جائیں گے۔ اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عمران خان کی بہن علیمہ خان نے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی نے کہا کہ ہم اسلام آباد ہائی کورٹ گئے، سپریم کورٹ گئے، کوئی ہماری بات سننے کو تیار نہیں۔ ہمارے پاس کوئی راستہ نہیں بچا، ہم اپنے کیسز کو بین الاقوامی سطح پر لے جائیں گے۔ علیمہ خان کا کہنا تھا کہ ہمیں آج اندر جانے سے روکا گیا، ہم پیدل چل کر اندر والے گیٹ پر گئے۔ پہلے پوری فیملی کو اجازت ہوتی تھی۔ انہوں نے بانی پی ٹی آئی تک رسائی محدود کررکھی ہے۔ یہ ٹارچر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

عمران خان کرمنل ہے رہا نہیں کرسکتے

احسن اقبال

پی ٹی آئی فوج کے خلاف منظّم سازشیں کرتی رہی، یہ جماعت ملک دشمن لابیوں کی آلہ کار بنی ہوئی ہے، وفاقی وزیر

آج تحریک انصاف ملک میں وہ کام کررہی جو آج تک ”را“ نے بھی نے کرنے کی ہمت نہیں کی، پریس کانفرنس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ 4 سال بانی پی ٹی آئی کی نااہلی نے ملک کو تباہی کے دہانے پر دھکیلا، آج تحریک انصاف ملک میں وہ کام کررہی جو را تک نے کرنے کی ہمت نہیں کی۔ وفاقی وزیر احسن اقبال نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے ملک کو بدترین معاشی دلدل میں پھنسایا، 4 سال بانی پی ٹی آئی کی نااہلی نے ملک کو تباہی کے دہانے پر دھکیلا، آج تحریک انصاف ملک میں وہ کام کررہی جو آج تک را تک نے کرنے کی ہمت نہیں کی۔ احسن اقبال نے پی ٹی آئی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی فوج کے خلاف منظّم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

لاس اینجلس آتشزدگی میں پرتعیش گھر جل کر خاکستر، ویرانی کے ڈیرے

2 روز قبل لگنے والی آگ پر تاحال قابو نہیں پایا جاسکا اور 10 افراد ہلاک ہوچکے ہیں، ذرائع

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی ریاست کیلی فورنیا کے شہر لاس اینجلس کے جنگل میں لگنے والی آگ پر دو روز گزر جانے کے باوجود قابو نہیں پایا جاسکا ہے۔ امریکی میڈیا کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

کراچی میں خواتین بچوں کو چوری کیلئے استعمال کرنے لگیں

کاسمیٹک کی دکان میں خاتون اور بچی نے موبائل فون اور پرس چوری کیا اور فرار ہوگئیں

کراچی (کرائم رپورٹر) کراچی میں ملیر ماڈل کالونی میں چوری کی ایک نئی واردات میں خواتین کے ساتھ چھوٹے بچوں کا بھی استعمال کیا جارہا ہے۔ چھ جنوری کو ایک کاسمیٹک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

مخدوم الزمان کی میراث رہنمائی فراہم کرتی ہے

بلاول بھٹو

چیئرمین پیپلز پارٹی نے مخدوم محمد الزمان طالب المولیٰ کی برسی کے موقع پر انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کیا

مخدوم طالب نے اپنی زندگی انصاف، جمہوریت اور انسانی وقار کے اصولوں کے لیے وقف کردی، چیئرمین پیپلز پارٹی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے مخدوم محمد الزمان طالب المولیٰ کی برسی کے موقع پر انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ روحانیت، سیاست اور ادب کے میدان میں ایک ہمہ گیر شخصیت تھے۔ میڈیا سیل بلاول ہاؤس سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق، پی پی پی چیئرمین نے اپنے پیغام میں کہا کہ مخدوم طالب المولیٰ ایک بلند پایہ شخصیت تھے جنہوں نے اپنی زندگی انصاف، جمہوریت اور انسانی وقار کے اصولوں کے لیے وقف کردی۔ وہ نہ صرف ایک روحانی اور سیاسی رہنما تھے بلکہ ایک منفرد شاعر بھی تھے جن کی شاعری انسانیت، ایمان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کی ہدایت پر واٹر کارپوریشن میں قائم کیا گیا کمپلینٹ مینجمنٹ سینٹر

تاخیر مشرق وسطیٰ کو آگ کا ڈھیر بنادے گی

گورنر سندھ

دو ریاستی حل ناگزیر بن چکا

عالمی برادری اسرائیلی بربریت کا نوٹس لے، فلسطین کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رہے گی، غزہ میں فلسطینیوں کی نسل کشی پر تشویش کا اظہار

پاکستانی قوم کے دل فلسطین کے ساتھ دھڑکتے ہیں، امت مسلمہ کو پاکستان سے بڑی توقعات وابستہ ہیں، فلسطینی سفارتخانے میں سفیر سے ملاقات میں گفتگو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے غزہ میں فلسطینیوں کی نسل کشی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عالمی برادری اسرائیلی بربریت کا نوٹس لے، گورنر سندھ نے مزید کہا کہ فلسطین کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رہے گی۔ ان خیالات کا اظہار گورنر سندھ نے اسلام آباد میں فلسطین کے سفارتخانہ میں سفیر سے ون آن ون ملاقات کے دوران کیا، گورنر سندھ نے کہا کہ دو ریاستی حل انتہائی ناگزیر بن چکا، تاخیر مشرق وسطیٰ کو آگ کا ڈھیر بنادے گی، انہوں نے مزید کہا کہ پاکستانی قوم کے دل فلسطین کے ساتھ دھڑکتے ہیں۔ فلسطین کے سفیر نے کہا کہ امت مسلمہ کو پاکستان سے بڑی توقعات وابستہ ہیں۔

چیف آف نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف سے فرانس میں پاکستان کی سفیر ممتاز زہرا بلوچ ملاقات کررہی ہیں

آئی جی سندھ غلام نبی میمن کی زیر صدارت سی پی او میں اجلاس

ایف آئی آر کے عدم اندراج سے متعلق موصول شکایات پر فوری ایکشن یقینی بنانے کا حکم

کراچی (کرائم رپورٹر) آئی جی سندھ غلام نبی میمن کی زیر صدارت سنگین جرائم کی ایف آئی آرز کے عدم اندراج سے متعلق موصول عوامی شکایات اور ازالہ سے متعلق اجلاس۔ سینٹرل پولیس آفس کراچی میں منعقدہ اجلاس میں ڈی آئی جیز، ہیڈکوارٹرز، آئی ٹی سمیت اے آئی جیز کمپلین سیل، ایڈمن اور آپریشنز سندھ نے شرکت کی۔ اجلاس میں پروسیکیوٹر جنرل کی جانب سے 22A/B کے تحت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

شہر کی سڑکوں پر خونی واٹر ٹینکروں نے مزید 4 زندگیاں نگل لیں

24 گھنٹوں میں واٹر ٹینکرز کی ٹکر اور دیگر حادثات میں 6 افراد جاں بحق اور کئی دیگر زخمی ہوئے

کراچی (کرائم رپورٹر) شہر قائد میں سڑکوں پر دوڑتے قاتل واٹر ٹینکرز کی ٹکر سے مزید 4 افراد زندگی کی بازی ہار گئے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران واٹر ٹینکرز کی ٹکر اور دیگر حادثات میں 6 افراد جاں بحق اور کئی دیگر زخمی ہوئے۔ شہر کی مصروف سڑک شہید ملت روڈ پر بلوچ کالونی کی طرف جانے والے راستے پر واٹر ٹینکر کی زد میں آکر 2 موٹر سائیکل سوار اپنی جان گنوا بیٹھے، جب کہ ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

اسٹیل ٹاؤن میں دوران ڈکیتی مزاحمت پر شہری کا قتل

وزیر داخلہ سندھ ضیا الحسن لنجار نے ایس ایس پی ملیر سے تفصیلات طلب کرلیں

کراچی (کرائم رپورٹر) اسٹیل ٹاؤن کراچی کے علاقے میں دوران ڈکیتی مزاحمت پر شہری کا قتل، وزیر داخلہ سندھ ضیا الحسن لنجار نے ایس ایس پی ملیر سے تفصیلات طلب کرلیں۔ علاقہ گشت اور شہریوں کی سیکیورٹی سے متعلق پلان سے آگاہ کیا جائے۔ کرائم سین پر دستیاب شواہد کی مدد سے ملزمان کی گرفتاری کو یقینی بنایا جائے۔ پیٹرولنگ، پکٹنگ، موٹر سائیکل گشت پر موجود اہلکاروں سمیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

ضرورت برائے نمائندگان

روزنامہ اتفاق نیوز کو کراچی، سندھ سمیت پاکستان بھر سے بیورو چیف، نمائندہ خصوصی اور نمائندگان کی ضرورت ہے صحافت سے دلچسپی رکھنے والے خواتین و مرد حضرات رابطہ کریں۔

رابطہ واٹس ایپ 0310-0018168

ITTEFAQ NEWS

شہر کراچی کا سب سے جدید
اور خوبصورت رہائشی پراجیکٹ

IDEAL GOLD VISTA

3,2 اور 4 بیڈرومز پر مشتمل
سپر ماڈرن اپارٹمنٹس اور شاپنگ مال
ناظم آباد نمبر 4
زبردست پرائم لوکیشن

- Standby Generators
- High Powered Lifts
- 24/7 Security
- Reserved Parking
- Luxury Facilities

BOOK NOW 03111222298

ہر بکنگ پر حاصل کریں
ہنڈا سِوک کار
بذریعہ قرعہ اندازی جیتنے کا شاندار موقع

IDEAL GOLD VISTA | A PROJECT BY IDEAL GROUP
Plot No. 1C, Block -4, Nazimabadad Near Annu Bhai Park , Karachi.
UAN- 03-111-744-442
Marketing By: Motiwala Eco Marketing Network

MOTIWALA
ECO MARKETING NETWORK
& EVENT ORGANIZER

IDEAL GROUP


SARA BRIDGE VIEW
COMING SOON
A PROJECT BY MAC BUILDERS & DEVELOPERS

PLOT NO ST-06, BLOCK 01, SCHEME 36,
GULISTAN-E-JAUHAR KARACHI.
CONSTRUCTION WORK IS ALREADY START.
CONTACT: 0324-2930832

نیکی کا قدم جنت کا راستہ
RWO NGO
Reg. No. PCSW(S)-1114
رفتار ویلفیئر آرگنائزیشن
Raftar Welfare Organization

دوھا جیولرز اینڈ لون
پرانا زیورامانت میں دیں بلاسود قرض حاصل کریں | سونے کے زیورات قسطوں پر بھی دستیاب ہیں
DOHA JEWELLERS
EASY GOLD LOAN SERVICE
DOHA JEWELLERS CONTACT : 0300-9248604
www.dohajewellers.com
DOHA JEWELLERS ®

Advocate & Legal Consultants
The way to justice
* Cyber Crim & Family Cases * Civil & Criminal
* Health & Service * Insurance & Corporate
AFTAB ANJUM MEO
ADVOCATE HIGH COURT
Mobile : 0336-8181360
SAJID RAJPUT
ADVOCATE HIGH COURT
Mobile : 0333-3612443
Address: 2nd Floor Abid Chamber, Shahrah-e-Liaquat, New Chali, Karachi

لوگوں سے روٹی چھین لی گئی، حکومتی بے حسی اپنی انتہا کو پہنچ چکی ہے

راجہ اظہر

کراچی جو ہمیشہ پورے پاکستان کی معیشت کا بوجھ اٹھاتا رہا ہے، آج بھوک، غربت اور افلاس کے اندھیروں میں دھکیل دیا گیا ہے‘ صدر پی ٹی آئی کراچی

بجلی کے بل عوام کے گلے کا پھندا بن چکے ہیں‘ کراچی کی معاشی تباہی کی ذمہ داری براہ راست سندھ حکومت پر عائد ہوتی ہے، جنرل سیکرٹری ارسلان خالد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کراچی کے صدر رجہ اظہر نے کہا ہے کہ کراچی، جو ہمیشہ پورے پاکستان کی معیشت کا بوجھ اٹھاتا رہا ہے، آج بھوک، غربت اور افلاس کے اندھیروں میں دھکیل دیا گیا ہے۔ سندھ حکومت کی شاہ خرچیاں اور عوام دشمن پالیسیاں اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ انہیں عوام کی کوئی پرواہ نہیں۔ مہنگائی کے اس طوفان میں لوگوں سے دو وقت کی روٹی چھین لی گئی ہے، بجلی کے بل عوام کے گلے کا پھندا بن چکے ہیں، اور پانی جیسی بنیادی ضرورت ایک خواب بن گئی ہے۔ کراچی کی عوام کی زندگی اجیرن کردی گئی ہے۔ سندھ حکومت نہ صرف عوام کے مسائل حل کرنے میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

کراچی کو کوئی حکومت اور حکمران پارٹی اسے اون نہیں کرتی

منعم ظفر خان

منصوبوں کی تکمیل کی کوئی حتمی ڈیڈلائین مقرر نہیں، کئی کئی سال تعمیراتی کام مکمل نہیں ہوتے، ریڈلائین منصوبہ 3 سال ہوگئے مکمل نہیں ہورہا ہے

کراچی کی موجودہ ابتر حالت پیپلز پارٹی کی 16 سالہ بدترین حکمرانی کا منہ بولتا ثبوت ہے‘امیر جماعت اسلامی کراچی کا پھولوں کی نمائش کا افتتاح وخطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے کہا کہ کراچی ترقی کرے گا تو ملک آگے بڑھے گا، کراچی پورے ملک میں سب سے زیادہ ٹیکس دیتا ہے ، اس شہر کے اندر بڑا ٹیلنٹ اور پوٹینشل موجود ہے مگر بدقسمتی سے کوئی حکومت اور حکمران پارٹی کراچی کو اُون نہیں کرتی ، عوام بجلی ، پانی سڑکوں و انفرا اسٹرکچر کی تباہ حالی اور ٹرانسپورٹ سمیت بے شمار مسائل کا شکار ہیں، کراچی کے منصوبوں کی تکمیل کی کوئی حتمی ڈیڈ لائین مقرر نہیں، کئی کئی سال تعمیراتی کام مکمل نہیں ہوتے اور عوام مسائل میں کمی کے بجائے اذیت اور مشکلات میں پھنسے رہتے ہیں۔ لاہور میٹرو 11 ماہ، ملتان میٹرو 13 ماہ، راولپنڈی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

ڈاؤ میڈیکل کالج میں ٹیمپورل بون ڈائی سیکشن اسکل لیبارٹری کا افتتاح

ریزیڈینٹس کو سرجری کی صلاحیت کو نکھارنے کیلئے ایک مخصوص جگہ فراہم کی گئی ہے، پروفیسر محمد سعید قریشی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈامیڈیکل کالج میں ٹیمپورل بون ڈائی سیکشن اسکل لیبارٹری کا افتتاح کردیا گیا، یہ صوبہ سندھ کی سرکاری یونیورسٹی میں ٹیمپورل بون ڈائی سیکشن کی سب سے بڑی لیبارٹری ہے جوڈامیڈیکل کالج میں قائم کی گئی ہے،اس لیبارٹری کو شعبہ اوٹو رہینولیرنگولوجی یڈ اینڈ نیک سرجری کا ایک اہم سنگِ میل قرار دیا جارہا ہے، افتتاحی تقریب میں چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن سندھ، پروفیسر طارق رفیع نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی، ڈا یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کے وائس چانسلر پروفیسر محمد سعید قریشی نے بطور مہمان اعزازی جبکہ پرو وائس چانسلر پروفیسر نازلی حسین، پرنسپل ڈا میڈیکل کالج پروفیسر صبا سہیل، برطانیہ سے ڈاکٹر شادابہ احمد، فیکلٹی ممبرز اور پوسٹ گریجویٹ ٹرینیز نے بھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

جناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی میں

بی ایس این انٹری ٹیسٹ کا انعقاد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی میں بی ایس این انٹری ٹیسٹ منعقد 2583 امیدواروں نے 50 نشستوں کے لیے ٹیسٹ میں شرکت کی 5410 درخواست گزاروں میں سے 2583 امیدوار اہل قرار دیے گئے 25 نشستیں طلبا اور 25 طالبات کے لیے مختص وائس چانسلر پروفیسر امجد سراج میمن نے شفاف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

چیئرمین گلبرگ نصراللہ سڑک پر کی گئی استرکاری کے کام کا معائنہ کررہے ہیں

ہمیں چاہیے کہ ہم چھوٹی چھوٹی عبادات کو

کم تر نہ سمجھیں، مفتی صہیب شاہد دہلوی

کراچی (اسٹاف رپورٹر)انسان اس فانی اور عارضی زندگی میں فرائض کی بجا آوری کے بعد اکثر نوافل سے لاتعلقی کا اظہار کرتے ہوئے نظر آتا ہے لیکن محبوبِ کائنات محمد عربی ﷺ نے ایک دن حضرت بلال حبشیؓ سے استفسار کیا کہ اے بلال مجھے بتاؤ کہ تمہارے نزدیک سب سے بہترین وہ کونسا عمل ہے جسے تم کرنے کے بعد بارگاہِ خداوندی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

حکیم محمد سعید بچوں سے بے حد محبت کرتے تھے، سعدیہ راشد

شہید کے 105 ویں یوم ولادت پر ہمدرد پبلک اسکول میں فاؤنڈرز ڈے جوش وخروش سے منایا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہید حکیم محمد سعید کے 105 ویں یوم ولادت پر ہمدرد پبلک اسکول ، مدینۃ الحکمہ میں فاونڈرز ڈے بڑے جوش وخروش سے منایا گیا۔ اس موقع پر ہمدرد یونیورسٹی میں کیلی گرافی نمائش کا بھی انعقاد کا بھی ہوا۔ ہمدرد فاونڈیشن پاکستا ن کی صدر محترمہ سعدیہ راشد نے کہا کہ حکیم محمد سعید بچوں سے بے حد محبت کرتے تھے۔ اسی لیے انہوں نے ہمدرد نونہال میگزین اوران کی تربیت کے لیےکا بزم ہمدرد نونہال کا اہتمام کیا جواب تک ہمدرد نونہال اسمبلی کے نام سے جاری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نونہالوں کی معیاری تعلیم کے لیے ہمدر پبلک اسکول اور مدین الحکمکے قریب گوٹھوں کے بچوں کے لیے مفت ہمدرد ویلیج اسکول بھی قائم کیا۔۔ تقریب کی مہمان خصوصی ڈائریکٹر سینٹر آف ایکسیلینس فار انٹرکو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

سندھ فوڈ اتھارٹی کی کارکردگی سے مطمئن نہیں ہوں

عبدالجبار خان

ہر گلی محلے میں RO پلانٹس چل رہے ہیں کیا تمام پلانٹس لائسنس یافتہ ہیں؟ کیا آر او پلانٹ سے ملنے والا پانی عوام کیلئے فائدہ مند ہے یا نقصان دہ؟

مضرصحت کوکنگ آئل پر پابندی کے باوجود وہ سرعام کیسے فروخت ہورہا ہے‘ مضر صحت مصالہ جات کے استعمال سے موزی امراض جنم لیتے ہے‘ معاون خصوصی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلی سندھ کے معاون خصوصی برائے خوراک عبدالجبار خان کی زیر صدارت سندھ فوڈ اتھارٹی کا اجلاس ہوا، اجلاس میں کراچی کے تمام اضلاع کیافسران نے شرکت کی عبدالجبار خان نے کہا کہ ہم عوام کے نمائندے ہیں اور عوام کو جواب دہ ہیں معاون خصوصی نے احکامات دیتے ہوئے کہا کہ مضر صحت مصالہ جات کے استعمال سے نہ صرف کینسر بلکہ دیگر وبائی امراض بھی جنم لیتے ہیں فوڈ اتھارٹی کی کارکردگی سے مطمئن نہیں ہوں ہر مہینے کارکردگی رپورٹ پیش کی جائے انہوں نے کہا کہ کھلے اور مضر صحت کوکنگ آئل پر پابندی کے باوجود وہ سرعام کیسے فروخت ہو رہا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

عوام کو بلدیاتی سہولیات فراہمی اولین ذمہ داری ہے، نصراللہ

معیاری کام کرکے سڑک کو مضبوط بنایا جائے، عوام لمبے عرصے تک استفادہ حاصل کرسکیں، چیئرمین

سڑک تعمیر کے ساتھ علاقے کے دیگر مسائل بھی حل کرینگے، میونسپل کمشنر عبدالحمید سہاگ

کراچی (سٹی رپورٹر) گلبرگ ٹاؤن میں سڑکوں کی تعمیرات کا کام شروع، بلاک 14 دستگیر واٹر پمپ مارکیٹ سے مسجد رضوان تک سڑک کی استرکاری جاری، تفصیلات کیمطابق چیئرمین گلبرگ ٹاؤن نصرت اللہ نے میونسپل کمشنر عبدالحمید سہاگ کے ہمراہ تعمیراتی کام کا معائنہ کیا، اس موقع پر چیئرمین گلبرگ ٹاؤن نصرت اللہ نے کہا کہ بلاک 14 کے عوام کا دیرینہ مطالبہ تھا کہ یہاں سڑک کی تعمیر کی جائے امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کے ویژن کے مطابق منتخب بلدیاتی نمائندے عوام کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

ہم تفریق اور تعصب کی سیاست پر یقین نہیں رکھتے

مرتضیٰ وہاب

ضلع وسطی کے جن ٹاؤنز نے روڈ کٹنگ کی اجازت دی یا سڑکیں کاٹیں ہیں ان کے خلاف اینٹی کرپشن سے رجوع کیا جائے گا‘ میئر کراچی

سڑکوں کو کھود دیا جاتا ہے، لوگوں کے گھروں میں گیس نہیں آرہی پھر بھی گیس کی لائنیں ڈالنے کے لئے سڑکیں کاٹی جارہی ہیں‘ میڈیا سے گفتگو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ ضلع وسطی کے جن ٹاؤنز نے روڈ کٹنگ کی اجازت دی یا سڑکیں کاٹیں ہیں ان کے خلاف اینٹی کرپشن سے رجوع کیا جائے گا، کروڑوں روپے لاگت سے بنائی گئی سڑکوں کو کھود دیا جاتا ہے، لوگوں کے گھروں میں گیس نہیں آرہی پھر بھی گیس کی لائنیں ڈالنے کے لئے سڑکیں کاٹی جارہی ہیں جسے برداشت نہیں کیا جاسکتا، ہفتے کو ملیرایکسپریس وے کے پہلے فیز کا باقاعدہ افتتاح ہوگا جو لوگ اس پر سفر کریں گے انہیں پتہ چل جائے گا کہ کون شہر میں کام کرتا ہے اور کون صرف باتیں کرتا ہے، باغ جناح فریئر ہال میں سالانہ فلاور شو میں ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

قائمہ کمیٹی برائے تعلیم کا اجلاس، وفاقی اردو یونیورسٹی کے بیل آوٹ پیکیج پر کوئی مثبت پیشرفت نہ ہوسکی

سینکڑوں اساتذہ وعمال اور ہزاروں طلبہ کا مستقبل داؤ پر لگ گیا

اردو یونیوسٹی کے سنگین مالی بحران پر وفاقی حکومت کا عدم دلچسپی کا مظاہرہ، حکومتی ایوانوں میں بے حسی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) قائمہ کمیٹی برائے تعلیم کے اجلاس میں وفاقی اردو یونیورسٹی کے بیل آوٹ پیکج کے سلسلے میں کوئی پیش رفت نہیں ہوسکی حکومت مسلسل وفاقی اردو یونیورسٹی کے مسائل کے حل کے لیے عدم دلچسپی کا مظاہرہ کررہی ہے، واضح رہے کہ وفاقی اردو یونیورسٹی اس وقت شدید مالی بحران کا شکار ہے گذشتہ تین ماہ کی تنخواہ اور آٹھ ماہ کی ہاس سلینگ ادا نہیں کی گئی ہے وفاقی اردو یونیورسٹی کی اساتذہ اب ملازمت تلاش کرنے پر مجبور ہوگئے ہیں اور کئی اساتذہ ملازمت چھوڑ کر ملک سے باہر اور دیگر اداروں میں ملازمت اختیار کرچکے ہیں حکومت کی عدم توجہی کے باعث ہزاروں طلبہ کا مستقبل داپر لگ گیا ہے لیکن حکومتی ایوانوں پر اس پر جوں تک نہیں رنگ رہی ہے وفاقی اردو یونیورسٹی اساتذہ اور عمال پر فاقوں کی نوبت آچکی ہے اگر حکومت نے فوری طور پر وفاقی اردو یونیورسٹی مالی مدد نہ کی تو صورتحال گھمبیر ہوسکتی ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

ڈاؤمیڈیکل کالج میں ٹیمپورل بون ڈائی سیکشن اسکل لیبارٹری کے افتتاح کے موقع پر چیئرمین ہائرایجوکیشن سندھ، پروفیسر طارق رفیع، وائس چانسلر پروفیسر سعید قریشی ودیگر کا گروپ فوٹو

ہمدرد پبلک اسکول کے زیراہتمام مدینۃ الحکمہ میں پروفیسر ڈاکٹر احسانہ ڈار فاروق حکیم محمد سعید کے 105 ویں یوم ولادت پر فاؤنڈرز ڈے کی تقریب کا افتتاح کررہی ہیں

DOHA JEWELLERS
IQRA JEWELLERS
AL RAUF GROUP
axact BUILDERS & DEVELOPERS
The Skyscraper Builders & Developers
IRM ITTEHAD REAL MARKETING
ALI LAKHANI BUILDERS
THE CROWN Builders & Developers
AL TAWAKKAL BUILDERS & DEVELOPERS
SHAYAN ICONIC BUILDERS
AQ BUILDERS AL HAMD Residency
DADI ASSOCIATES BUILDERS & DEVELOPERS
AAA & Y.S.F ENTERPRISES Builders & Developers
Shadow MOTORS Drive your Dreams
برج الحرم BURJ-UL-HARAM
UNIQUE
UNIQUE BATTERIES
I.B BUILDERS & DEVELOPERS
Hayat & Company BUILDERS & DEVELOPERS YOUR TRUST
METRO GROUP BUILDERS & DEVELOPERS
C.H.K KARIM ENTERPRISE'S BUILDERS & DEVELOPERS
AL-JANNAT GROUP
POONAWALA BUILDER & DEVELOPERS
abad Association of Builders And Developers of Pakistan Since 1972
OK ESTATE & BUILDERS
Sawera
WING CONSTRUCTIONS
A PROJECT OF IDEAL GROUP
Fibbi BUILDERS & DEVELOPER
HASHMANI BUILDERS
JUMANI GROUP OF COMPANIES
PAK CITY Pvt. Ltd.
NORTHERN DREAMS
HIGHNESS BUILDERS AND DEVELOPERS
IDEAL GOLD VISTA
RIDA Builders & Developers
AL-MUBDI Builders & Developers
KINGDOM BUILDERS & DEVELOPERS
SUPER FIREWORKS SUPER FIRE WORKS
ZUBAIDA HEIGHTS
MARKETED BY MOTIWALA ECO MARKETING NETWORK & EVENT ORGANIZER
Metro Jewellers Pieces of Art
Z&B ENTERPRISES Let your dreams be our project
MAC BUILDERS & DEVELOPERS
PSG GROUP OF COMPANIES
Dua RESTAURANT

website : www.ittefaqnews.com, Email : dailyittefaqnews1@gmail.com
چیف ایڈیٹر وپبلشر فیض الحسن نے نیو محمدی پرنٹنگ پریس، نمبر 07، اولڈ ریلی بلڈنگ، تالپور روڈ سے چھپوا کر پلاٹ نمبر 193 قاسم آباد لیاقت آباد، کراچی سے شائع کیا۔ آفس نمبر: 03100018168

Daily "ITTEFAQ NEWS" Karachi

ہم تو مٹ جائیں گے اے وطن لیکن تو نے
قائم رہنا ہے قیامت کی سحر ہونے تک

چیف ایڈیٹر: فیض الحسن
روزنامہ اتفاق نیوز کراچی
رجسٹرڈ نمبر MC-1432
www.ittefaqnews.pk
dailyittefaqnews1@gmail.com

گریٹر اسرائیل کی سازش

سعودی وزارت خارجہ نے اسرائیل کی جانب سے اردن، لبنان اور شام کے مختلف علاقوں پر مبنی گریٹر اسرائیل منصوبے پر مبنی نقشے جاری کرنے پر مذمت کرتے ہوئے اسے مسترد کیا ہے، دوسری جانب اسرائیلی فورسز نے غزہ میں قتل عام کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے نومولود بچوں اور خواتین سمیت مزید 51 فلسطینیوں کو شہید کر دیا۔ امریکی نومنتخب صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک پریس کانفرنس کے دوران کہا ہے کہ اگر میرے صدارت سنبھالنے تک اسرائیلی یرغمالی رہا نہیں کیے جاتے، تو مشرق وسطی میں قیامت برپا ہو جائے گی۔ ایک ایسے وقت میں جب مشرق وسطی میں لگی آگ پھیلتی جا رہی ہے، اہم ترین سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا اسرائیلی وزیراعظم بینجمن نیتن یاہو گریٹر اسرائیل کے خواب کی تکمیل کے لیے جلد مشرق وسطی کا نقشہ بدلنے جا رہے ہیں؟ جواب یہ ہے کہ اسرائیل نے تو بیک وقت کئی جنگی محاذ کھول رکھے ہیں۔ ایسے میں مشرق وسطی کی نئی صورت گری کا امکان اسرائیل کیوں نہیں دیکھنا چاہے گا؟ رواں برس میں مشرق وسطی میں بہت سی چیزیں اظہر من الشّمس ہیں۔ نوشتہ دیوار کی صورت موجود ان حقیقتوں کو تقریبا ہر کوئی سمجھ رہا ہے۔ ہر ملک اور علاقے میں اس کا ادراک پوری طرح موجود ہے۔ کچھ عرصہ قبل اقوام متحدہ میں اپنی تقریر کے فورا بعد نیتن یاہو نے X ویب سائٹ پر اپنے اکانٹ پر ایک ٹویٹ پوسٹ کیا اور لکھا میری زندگی کی سب سے بڑی کامیابی آپ) اسرائیلی عوام (اور ملک کے لیے لڑنا ہے۔ نیتن یاہو نے جو نقشہ دکھایا تھا، اس میں جن ممالک کو سبز رنگ میں رکھا گیا تھا۔ ان میں مصر، سعودی عرب، اردن، امارات، بحرین، سوڈان اور مراکش تھے اور یہ ہم جانتے ہیں کہ مصر اور اردن کے اسرائیل کے ساتھ عشروں پرانے تعلقات ہیں جب کہ متحدہ عرب امارات، بحرین اور سوڈان نے حالیہ ہی غیر قانونی صیہونی ریاست کو تسلیم کیا ہے۔ اس بیان کو اگر آپ باریک بینی سے دیکھیں تو سب سمجھ آ جائے گا کہ اسرائیل کے مقاصد کیا ہیں جہاں وہ بزور طاقت اپنے مقاصد کا حصول کر سکتا ہے وہ کر رہا ہے اور جہاں وہ روایتی عیاری اور مکاری کا سہارا لے سکتا ہے تو وہ بھی لے رہا ہے۔ اسرائیل ایک جانب عرب ممالک کے ساتھ تعلقات کو بہتر بنانا چاہتا ہے تو دوسری جانب تنازع کی اصل وجہ مسئلہ فلسطین کو کوئی اہمیت ہی نہیں دی جا رہی ہے جس کی بنیاد یہ ہے کہ غیر قانونی ریاست اسرائیل مشرق وسطی میں تنازعات کے جامع اور منصفانہ حل کو قبول نہیں کرنا چاہتی، جس میں فلسطینی سرزمین پر مکمل خودمختاری کے ساتھ فلسطینی ریاست کا قیام شامل ہے، جس کا دارالحکومت مقبوضہ بیت المقدس ہو۔ بربادی کی اس داستان کا آغاز پہلی عالمی جنگ کے بعد ہونے والے معاہدوں اور مشرقِ وسطی کی تشکیلِ نو سے ہوا۔ فلسطین سلطنتِ عثمانیہ کا حصہ تھا۔ صدیوں سے مسلمان عیسائی اور یہودی اس خطے میں امن وسکون سے رہتے تھے، کبھی مذہبی منافرت دیکھنے میں نہیں آئی۔ پہلی عالمی جنگ کے خاتمے پر سلطنتِ عثمانیہ سکڑ کر موجودہ ترکیہ تک محدود ہو گئی۔ اردن اور سعودی عرب کے ساتھ شام اور عراق کو ایک ہی خاندان کی مختلف شاخوں میں تقسیم کر کے بادشاہتیں قائم کر دی گئیں۔ صیہونی تحریک 19 ویں صدی کے آخر میں متمول اور تعلیم یافتہ یہودیوں میں مقبول ہوئی۔ ایک منظّم اور خفیہ منصوبہ بندی سے زمین اور جائیدادیں عربوں اور فلسطینیوں سے خرید کر یہودیوں کو بسایا گیا۔ فلسطین کو وقف بنا کر انتظام چلانے کے لیے برطانیہ کے حوالے کیا گیا۔ یہ معاملہ بالفور معاہدے سے شروع ہوا، جس میں یہودیوں کے لیے فلسطین میں قومی ریاست کے قیام کی حمایت کی گئی تھی۔ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کے جنگی عزائم یہ ہیں کہ دریائے اردن کے مغربی کنارے میں آباد فلسطینیوں کو اردن میں دھکیل کر مغربی کنارے کو اسرائیل میں ضم کر لیا جائے اور غزہ کے فلسطینیوں کو مصر بھیج کر وہاں یہودی آبادکاروں کی بستیاں تعمیر کر کے گریٹر اسرائیل کا صیہونی خواب پورا کیا جائے۔

پاک افغان تنازع ہوشمندی کا متقاضی

تحریر: اشفاق اللہ جان ڈاگیوال

پاکستان اور افغانستان کے درمیان نفرتوں کی دیوار بڑی تیزی سے بلند اور خلیج وسیع ہو رہی ہے، دونوں برادر اسلامی ممالک ماضی قریب میں ایک دوسرے کے دست و بازو ہوا کرتے تھے مگر آج دشمن دکھائی دے رہے ہیں۔ ہم نے گزشتہ کالم میں آپ کو بتایا تھا کہ دونوں ہمسایہ اور برادر اسلامی ممالک کے خلاف یہ جال اور بساط اسلام دشمن قوتوں کی بچھائی ہوئی ہے اور اب بڑی تیزی اور مکاری کے ساتھ اپنی چالیں چل کر دونوں ملکوں کے درمیان نفرتوں کی اس دیوار کو بلند سے بلند تر کرنے کی کوشش کر رہی ہیں۔

دسمبر کے آخری ہفتے کے دوران پاکستانی سکیورٹی فورسز نے افغان صوبہ پکتیکا میں موجود دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا۔ اس دفاعی حملے کے جواب میں افغان حکومت نے جوابی کارروائی کی دھمکی دی، بعد ازاں پاک افغان سرحد کے قریب کئی پوائنٹس کو نشانہ بنانے کا دعوی بھی کیا۔ اس کشیدہ صورتحال کے باوجود الحمدللہ دونوں ملکوں کے درمیان ابھی تک باقاعدہ کوئی جنگ شروع نہیں ہوئی، اللہ نہ کرے ایسا ہو لیکن مادر پدر آزاد سوشل میڈیا پر جو گولہ باری جاری ہے اس سے لگتا ہے جیسے دونوں ملکوں کے درمیان جنگ شروع ہو چکی ہے، دونوں طرف کے یوٹیوبرز جھوٹی، من گھڑت اور بے بنیاد خبریں پھیلا کر جلتی پر تیل ڈال کر دشمن قوتوں کا ادھورا کام مکمل کرنے کے لیے ایندھن بن رہے ہیں۔

سوشل میڈیا کی اس گولہ باری سے دونوں ملکوں کی حکومتوں کے علاوہ عوام کے دلوں میں بھی ایک دوسرے کے خلاف نفرت کے بیج بوئے جا رہے ہیں، دشمن قوتوں کی بچھائی ہوئی بساط بہت بڑی ہے اور وہ اس گھنانے کھیل میں سوشل میڈیا کے اپنے تنخواہ دار کھلاڑیوں کو بھی میدان میں اتار چکے ہیں، ایسے گھنانے کاموں کے لیے بجٹ اربوں ڈالروں پر محیط اور نوٹوں سے بھرے بریف کیسوں کے منہ کھلے ہوتے ہیں۔ کھلی ہنڈیا دیکھ کر انسان تو شرم کھا سکتے مگر انسانی روپ میں موجود درندوں کی کوئی گارنٹی نہیں اس لیے سوشل میڈیا پر وہ اپنا اصل روپ دکھا رہے ہیں۔

میں سارے سوشل میڈیا کی بات نہیں کر رہا، اس میں بھی تین طبقے ہیں، ایک سلجھا ہوا ذمے دار طبقہ احتیاط کے ساتھ اپنے وی لاگز کر رہا مگر ان کی تعداد آٹے میں نمک کے برابر بھی نہیں۔ دوسرا طبقہ اپنے ویوز بڑھانے اور چند ڈالر کمانے کی خاطر جانے انجانے میں دشمن قوتوں کا ایجنڈا آگے بڑھا رہا ہے لیکن تیسرا طبقہ دانستہ طور پر یہ گھنانا کام سرانجام دے رہا ہے، یہ لوگ دشمنوں کی ٹیم کا حصہ اور تنخواہ دار ہیں۔ سرحد کے دونوں پار پاکستان اور افغانستان کے یہ دشمن اور آستین کے سانپ صبح وشام سوشل میڈیا پر اپنے گمراہ کن پروپیگنڈے سے دونوں طرف کے عوام کو گمراہ کر کے نفرتوں کے بیج بو رہے ہیں۔

مگر افسوس کہ دونوں طرف ان کو روکنے والا کوئی نہیں، دونوں طرف کی بعض حکومتی شخصیات بھی وضاحتوں کے چکر میں ایسی گفتگو کر جاتی ہیں جس سے تعلقات میں بہتری کی بجائے مزید بگاڑ پیدا ہوتا ہے۔ انھیں کون سمجھائے کہ یہ صرف پاکستان اور افغانستان کے درمیان ہی نفرتوں کے بیج نہیں بو رہے بلکہ امت مسلمہ کو مضطرب کر رہے ہیں، کروڑوں مسلمانوں کے دل توڑ رہے ہیں۔

ان کی حرکتوں سے دونوں ملکوں کے درمیان کشیدہ صورتحال کے اثرات پورے عالم اسلام کے لیے شدید اضطراب کا باعث بن رہے ہیں، عالم اسلام ان دو عظیم ملکوں کو ایک دوسرے کے مدمقابل دیکھ کر دکھی ہوتا ہے۔ فلسطین کے مظلوم مسلمان جنھیں آج پاکستان، افغانستان اور عالم اسلام کے ہر ملک کی تائید وحمایت کی اشد ضرورت ہے وہ جب پاکستان اور افغانستان کو ایک دوسرے کے مدمقابل دیکھتے ہیں تو ان کے حوصلے پست ہو جاتے ہیں۔

جو کشمیری اپنی آزادی کے لیے پاکستان اور عالم اسلام کی جانب دیکھ رہے ہیں وہ اس صورتحال کے علاوہ افغانستان اور ہندوستانی حکومت کے درمیان بڑھتی ہوئی قربت سے شدید پریشان ہیں۔ پاک افغان سرحد کے آر پار بسنے والے لاکھوں لوگوں کا ذریعہ معاش پاک افغان تجارت سے جڑا ہے، دونوں ممالک کے حالات کشیدہ ہونے سے بارڈر بند ہو چکے ہیں اور کاروباری سرگرمیاں معطل اور کئی ماہ سے ان کی روٹی روزی کا یہ دروازہ بند ہے، لوگ فاقوں پر مجبور ہیں۔

افغانستان گزشتہ پانچ دہائیوں سے حالت جنگ میں رہنے کی وجہ سے معاشی بدحالی کا شکار اور پاکستان کی معاشی حالت بھی دگرگوں ہے، ایسی صورتحال میں پاک افغان تجارت جو دونوں ملکوں کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی مانند ہے اس کا متاثر ہونا انتہائی افسوسناک ہے۔ دونوں ملکوں کے درمیاں دوطرفہ تجارت سے حکومتیں اور کاروباری حضرات خطیر رقم کماتے تھے جو آج مکمل طور پر بند ہے۔ بارہ تیرہ سال قبل تک پاک افغان تجارت کا حجم 3.3 ارب امریکی ڈالر تھا جو کم ہوتے ہوتے 2019 میں صرف 1 اعشاریہ 30 ارب ڈالر رہ گیا جب کہ 2020 میں یہ تجارتی حجم مزید کم ہو کر 369 ملین ڈالر پر آ گیا تھا۔

2021 میں افغان طالبان کے عنان اقتدار سنبھالنے کے بعد تو اس تجارتی حجم کو آسمان چھونا چاہیے تھا لیکن یہ زمین چاٹ رہا ہے۔ جنوری 2024 میں پاک افغان دوطرفہ تجارت میں بڑی کمی ریکارڈ کی گئی، تجارت میں ماہانہ بنیاد پر 28 فیصد جب کہ سالانہ بنیاد پر دونوں ممالک میں دوطرفہ تجارت میں 16 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ جولائی، اگست 2024 میں پاک افغان دوطرفہ تجارت کا حجم ستائیس کروڑ اسی لاکھ ڈالرز رہا جو اب مزید کم ہو گیا ہے۔

ماضی میں افغانستان پاکستانی مصنوعات خصوصا کپڑے، خوردنی اشیا، ادویات، مشروبات اور تعمیراتی سامان کا سب سے بڑا گاہک تھا۔ اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ افغانستان کے پڑوسی ممالک میں سے پاکستان واحد ملک ہے جہاں سے افغانستان تک زمینی راستے سے رسائی سب سے آسان ہے۔ دونوں ممالک کے مابین موجود عدم اعتماد کی وجہ سے باہمی تجارت میں خاطر خواہ اضافہ ہونے کے بجائے گراف خطرناک حد تک نیچے چلا گیا ہے۔

اس سے جہاں افغانستان میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں بے تحاشہ اضافہ ہوا ہے وہیں پاکستان میں بھی مہنگائی آسمان کو چھو رہی ہے۔ اس صورتحال کا فائدہ پاکستان کے ازلی و ابدی دشمن بھارت نے اٹھایا اور وہ افغانستان کی مارکیٹ میں گھس بیٹھا۔ پاکستانی مصنوعات کی جگہ انڈین مصنوعات نے لے لی ہے اور اب بھی بہت سی انڈین مصنوعات کی ایران کی چابہار پورٹ کے راستے افغانستان کو برآمد کا سلسلہ جاری ہے۔ دونوں ملکوں کی حکومتوں کو دانشمندی کا مظاہرہ کرتے ہوئے دوطرفہ ٹینشن کے لیول کو ہر حال میں نیچے لانا چاہیے، دونوں کو یہ بات سمجھ لینی چاہیے کہ دوست بدلے جا سکتے ہیں لیکن ہمسائے کبھی نہیں بدلتے۔ دونوں ممالک کے فیصلہ سازوں سے درد دل کے ساتھ اپیل کروں گا کہ خدارا ہوش کے ناخن لیں سب کو پتہ ہے اگر پاکستان میں آگ لگے گی تو اس کی تپش سے افغانستان محفوظ نہیں رہ سکتا، اگر افغانستان میں آگ لگے گی تو چنگاریاں پاکستان تک بھی آئیں گی، اس لیے مستحکم پاکستان، افغانستان کی اور مستحکم افغانستان، پاکستان کی ضرورت ہے۔

دونوں ملکوں کو ایک دوسرے کے مسائل کو سمجھنا ہو گا اور ان مسائل کے حل کے لیے مذاکرات کی میز سجانا ہو گی۔ امن و استحکام کی بحالی، پائیدار ترقی کے لیے علاقائی تعاون کا فروغ اور روابط کو بڑھانا ہو گا۔ دونوں ملکوں کو ان اہداف کے لیے مشترکہ طور پر آگے بڑھنا ہو گا۔

اس کشیدہ صورتحال میں افغانستان کے کراچی میں قونصل جنرل سید عبدالجبار کا بیان خوش آئند ہے، انھوں نے ایک ویب پورٹل کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ "دونوں ممالک کے مابین چلنے والا تنازع دونوں ممالک اور اس میں بسنے والے عوام کے لیے ٹھیک نہیں۔ پاکستان اور افغانستان کے مابین اچھا تعلق رہا ہے جس کی بنیاد پر ان مسائل کو جلد از جلد حل کرنا چاہیے"۔ پاکستان میں بھی ایسی ہی سوچ موجود ہے، ضرورت اس امر کی ہے کہ اس سوچ کو لے کر ہوشمندی کے ساتھ آگے بڑھ کر گفت وشنید سے معاملات کا حل نکالا جائے یہی واحد حل ہے۔ ہوشمندی کا متقاضی تنازعہ اگر جوش سے حل کرنے کی کوشش کی گئی تو سب پچھتائیں گے یہ جوش نہیں ہوش کے ناخن لینے کا وقت ہے ورنہ دونوں ملکوں کے لیے یہ تنازعہ زہر قاتل ہے۔

پاک افغان تعلقات: تاریخی تنازعات اور موجودہ تعلقات کے گرد وپیش، بھارت کا کردار

بقلم: سید عتیق الحسن

افغانستان اور پاکستان، جو 2,500 کلومیٹر طویل سرحد کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں، 1947 میں پاکستان کے قیام سے ہی باہمی تنازعات اور چیلنجز کا سامنا کر رہے ہیں۔ تاریخی طور پر، افغانستان واحد ملک تھا جس نے اقوام متحدہ میں پاکستان کی رکنیت کی مخالفت کی، جو دونوں ممالک کے درمیان عدم اعتماد کی گہرائی کو ظاہر کرتا ہے۔ مزید برآں، افغانستان نے ڈیورنڈ لائن کو کبھی تسلیم نہیں کیا، جو 1893 میں برطانوی ہندوستان کے سر مورٹیمر ڈیورنڈ اور افغان حکمران عبدالرحمٰن خان کے مابین معاہدے کے تحت طے کی گئی تھی۔ یہ سرحد آج بھی متنازعہ ہے، اور افغانستان شمالی پاکستان کے کچھ حصوں کو اپنا علاقہ قرار دیتا ہے۔

پشتون قوم پرستی اور علاقائی تنازعات

افغانستان نے ابتدا سے ہی پشتون قوم پرستی کی حمایت کی اور پاکستان کی علاقائی سالمیت پر سوال اٹھایا۔ مشہور پشتون رہنما خان عبدالغفار خان، جنہیں باچا خان کے نام سے جانا جاتا ہے، پاکستان کے قیام کے سخت ناقد تھے۔ اگرچہ بعد میں انہوں نے پاکستان سے وفاداری کا عہد کیا، لیکن بھارت کے ساتھ ان کے تعلقات اور افغانستان کی حمایت نے خطے میں کشیدگی کو بڑھایا۔

سوویت حملہ اور اس کے اثرات

1979 میں افغانستان پر سوویت یونین کے حملے نے پاکستان پر گہرے اثرات مرتب کیے۔ اس دوران پاکستان نے 40 لاکھ سے زائد افغان مہاجرین کو پناہ دی، لیکن اس کی طویل مدتی قیمت ادا کرنا پڑی۔ مہاجرین کی بڑی تعداد نے مقامی وسائل پر دباؤ ڈالا، منشیات اور ہتھیاروں کے پھیلاؤ کو بڑھاوا دیا، اور پاکستان کی معیشت اور معاشرتی ڈھانچے کو نقصان پہنچایا۔

پاکستان نے طالبان کی حکومت (1996-2001) کی حمایت کی، جس نے افغانستان میں اسلامی شریعت کے سخت اصول نافذ کیے۔ اس اقدام نے پاکستان کے اندر شدت پسندی کو فروغ دیا اور تحریک طالبان پاکستان (TTP) جیسے گروہوں کی بنیاد ڈالی، جنہوں نے ملک کے امن وامان کو شدید متاثر کیا۔

9/11 کے بعد پاکستان کا کردار

نائن الیون کے واقعات کے بعد، پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں امریکہ کا ساتھ دیا، لیکن اس کے نتیجے میں پاکستان دہشت گرد حملوں کا نشانہ بن گیا۔ اسامہ بن لادن کی ایبٹ آباد میں موجودگی نے پاکستان کی عالمی ساکھ پر مزید سوالات کھڑے کیے۔ تحریک طالبان پاکستان کے خلاف فوجی کارروائیوں میں کچھ کامیابیاں حاصل ہوئیں، لیکن ان گروہوں کی لچک پاکستان کے لیے مستقل خطرہ بنی رہی۔

اندرونی گورننس کا بحران

پاکستان کے اندرونی سیاسی اور معاشی بحران نے اس کی علاقائی چیلنجز سے نمٹنے کی صلاحیت کو کمزور کیا ہے۔ فوجی اسٹیبلشمنٹ کے سویلین حکومت پر غلبے نے جمہوری ترقی کو روکا ہے۔ عمران خان جیسے مقبول سیاسی رہنما کو سیاسی دباؤ کا سامنا رہا ہے، جو گورننس پر عوامی اعتماد کو مزید کمزور کرتا ہے۔

معاشی بحران، سیاسی عدم استحکام کے ساتھ مل کر، پاکستان کی علاقائی اور بین الاقوامی مسائل کے حل کی اہلیت کو مزید پیچیدہ بناتا ہے۔

پاک بھارت تعلقات اور کشمیر کا تنازعہ

کشمیر کا مسئلہ پاکستان اور بھارت کے درمیان کشیدگی کی بنیادی وجہ ہے۔ باوجود اس کے کہ دونوں ممالک ثقافتی، تاریخی اور تجارتی مشترکات رکھتے ہیں، سیاسی اور نظریاتی اختلافات نے ان تعلقات کو متاثر کیا ہے۔ پرامن تعلقات کے ممکنہ فوائد کے باوجود، سفارتی پیش رفت میں سیاسی رکاوٹیں آڑے آتی ہیں۔

پاکستان کے لیے راستہ

پاکستان کو اپنی اندرونی گورننس کے مسائل حل کر کے قومی استحکام کو یقینی بنانا ہوگا۔ اس کے لیے جمہوری اداروں کو مضبوط بنانا، سیاسی قیدیوں کی رہائی، عدالتی آزادی کی بحالی، اور شفاف انتخابات کی ضمانت دینا ضروری ہے۔ افغانستان کے ساتھ اقتصادی تعاون اور سرحدی تنازعات کا پرامن حل پاکستان کے لیے اہم ہے۔ ایک مستحکم افغانستان نہ صرف سلامتی کے خدشات کو کم کرے گا بلکہ علاقائی تجارت کے مواقع بھی پیدا کرے گا۔

اختتامیہ

پاکستان کو اپنے اندرونی اور بیرونی مسائل کے حل کے لیے جرات مندانہ اصلاحات اور اتحاد کی ضرورت ہے۔ علاقائی امن و استحکام کے لیے پاکستان کا کردار اہم ہے، لیکن اس کے لیے قومی سطح پر مضبوط گورننس اور عوامی حمایت والی قیادت کی ضرورت ہوگی۔

گداگر مافیا

تحریر: رئیس فاطمہ

طارق روڈ کراچی کے لبرٹی چوک پر جیسے ہی میں بینک میں جانے کے لیے مڑی، درمیانی عمر کی ایک عورت نے میرا راستہ روک لیا، یہ عورت لمبی سی گھیردار فراک اور سوسی کی رنگین شلوار پہنے ہوئے تھی اور گود میں تقریبا سات آٹھ ماہ کا بچہ تھا، جس کا ماتھا زخمی تھا اور دائیں ہاتھ پر ٹنکچر پایوڈین میں ڈوبی پٹیاں تھیں، سر پہ بھی کوئی پیلے رنگ کی دوا لگی ہوئی تھی، بچہ بے خبر سو رہا تھا۔

میں نے اس کے بغیر مانگے سو روپے کا نوٹ اس کی طرف بڑھا دیا، چند دن بعد اپنی کولیگ کے ساتھ صدر بوہری بازار جانا ہوا، تو مجھے وہی عورت نظر آئی، بچہ اس وقت بھی سو رہا تھا اور اسی طرح اس کے سر پہ پیلی دوا سے لپی ہوئی پٹیاں بندھی تھیں، اب ٹانگ اور پیٹ بھی زخمی تھے۔ وہ تو مجھے نہیں پہچانی لیکن مجھے وہ یاد تھی۔ وہ جیسے ہی میری طرف بڑھی دکاندار نے اسے جھڑک کر پیچھے ہٹایا۔ وہ کچھ دور جا کر کھڑی ہو گئی، میں نے اپنی ساتھی سے کہا کہ جب یہ طارق روڈ پہ نظر آئی تھی تو سر پہ اور ہاتھ پہ پٹی بندھی تھی اور آج۔۔۔۔

باجی! یہ عورت مکار ہے، بچہ زخمی بالکل نہیں ہے۔ یہ ایسے ہی جھوٹے زخموں کی پٹیاں باندھ کر بھیک مانگتی ہے۔ دکاندار نے بتایا۔ مجھے کچھ تجسس ہوا، میں نے سو روپے کا نوٹ نکالا اور اس عورت کی طرف بڑھی اور اسے اشارے سے اپنے پاس بلایا۔ وہ تو جیسے منتظر تھی، فورا میری طرف لپکی تو میں نے ہاتھ پیچھے کر لیا۔

یہ چوٹ کیسے لگی اور تم اسے ڈاکٹر کے پاس کیوں نہیں لے کر گئیں؟ باجی! اس کا پیٹ اور ٹانگ بلی نے پنجہ مار کر زخمی کر دیے، ڈاکٹر روز دو سو روپے پٹی بدلنے کے لیتا ہے۔ ذرا پٹی کھول کر تو دکھا، میرے ساتھ جو باجی ہیں، وہ ڈاکٹر ہیں۔) میں نے جان بوجھ کر جھوٹ بولا(۔تم ہمارے ساتھ کلینک چلو، ہم علاج کریں گے اور تمہیں آنے جانے کا کرایہ بھی دیں گے۔ بس اتنا سننا تھا کہ وہ یک دم وہاں سے چلی گئی اور پلٹ کر بھی نہیں دیکھا۔

ایک شخص کو سڑک کے کنارے اکڑ کر بیٹھے دیکھا اور آپ نے بھی کہیں نہ کہیں ضرور دیکھا ہوگا۔ ایک ٹانگ نارمل اور دوسری ہاتھی کی ٹانگ کی طرح موٹی تازی جس پر کوئی دوا لگی ہوئی تھی، نظر بھر دیکھنے کے بعد ہر کوئی سامنے رکھے ہوئے برتن میں نوٹ ڈالتا جا رہا تھا۔ اس بیماری کو فیل پا کہتے ہیں۔ یعنی ہاتھی کی ٹانگ۔ تحقیق پر پتا چلا کہ کچھ ادویات اور کیمیکل ایسے ہوتے ہیں جن کو لگانے سے جسم وقتی طور پر سوج جاتا ہے۔

ملیر سے نرسری آتے ہوئے ناتھا خان گوٹھ پر نو دس سالہ لڑکی ایک تیرہ سالہ لڑکے کے ساتھ بھیک مانگتی نظر آتی تھی، جیسے ہی گاڑی رکتی وہ لپک کر مانگنے کے لیے آگے بڑھتی، میں ذاتی طور پر بھیک دینے کے خلاف ہوں کہ اس طرح گداگری میں اضافہ ہوتا ہے، لیکن اس لڑکی کی ایک آنکھ باہر نکلی ہوئی تھی۔

یہ منظر بڑا تکلیف دہ لگتا تھا، اسی لیے نہ چاہتے ہوئے بھی میں اور میری دوست اسے کچھ نہ کچھ ضرور تھما دیتے۔ اس کا آدھا چہرہ جلا ہوا تھا، آنکھ باہر نکلی ہوئی تھی، چیچک نے اسے اور بھیانک بنا دیا تھا، وہ ہر گاڑی اور ہر شخص کے پیچھے دوڑتی تھی۔ تقریبا ایک سال بعد میرا ٹرانسفر دوسرے کالج میں ہو گیا، وہ راستہ ختم ہو گیا، ایک دفعہ گورنمنٹ جامعہ ملیہ ڈگری کالج کراچی میں ایک فنکشن میں شرکت کے لیے گئی تو واپسی میں مجھے بے اختیار وہ لڑکی یاد آ گئی، میں نے ڈرائیور سے کہا کہ ناتھا خان پل کے پاس گاڑی ذرا آہستہ کر دے۔

اس نے ایسا ہی کیا، میں نے نظر دوڑائی تو وہ فٹ پاتھ پہ بیٹھی تھی، میں نے اسے قریب بلایا اور اس سے پوچھا کیا تم ہمیں پہچانتی ہو؟ وہ کرب سے بولی۔ نہیں جی میں نے اسے یاد دلایا کہ ہم لوگ تمہیں پیسے بھی دیتے تھے اور ہماری ایک ساتھی تمہارے لیے چاکلیٹ اور ٹافیاں بھی لاتی تھیں۔ یہ سنتے ہی اس کے چہرے پہ مسکراہٹ پھیل گئی۔

باجی! آپ لوگ کدھر چلے گئے تھے؟ وہ بولی۔ میں نے اسے گاڑی میں بٹھا لیا اور اس سے پوچھا تمہاری آنکھ کیسے خراب ہوئی اور کسی نے تمہارا علاج کیوں نہیں کروایا؟ میں نے پوچھا۔ پہلے تو وہ چپ ہو گئی، جب میں نے سو روپے کا نوٹ نکال کر اس کے ہاتھ میں دیا تو اس کی آنکھ سے آنسو ٹپک پڑا اور وہ بولی۔ میرے سوتیلے باپ نے تیزاب پھینک دیا تھا سوتے میں، تاکہ مجھے بھیک زیادہ ملے۔ میں لرز گئی۔ اور تمہاری ماں نے کچھ نہیں کیا؟ اس کی پلکوں پہ آنسو ٹھہر گئے۔ میری ماں کسی دوسرے فقیر کے ساتھ چلی گئی، کیونکہ میرا سوتیلا باپ اسے مارتا بہت تھا۔ اس نے بتایا۔ نہیں، وہ جس کے ساتھ گئی اس نے مجھے قبول کرنے سے انکار کر دیا تھا۔

تم میرے ساتھ چلو، میں تمہارا علاج بھی کراں گی اور تمہیں اپنے پاس رکھوں گی بھی۔ میں نے کہا۔ یہ سنتے ہی وہ تیزی سے گاڑی سے نیچے اتر گئی۔ اترنے کے بعد اس نے ایک شخص کی طرف اشارہ کر کے بتایا کہ وہ اس کا سوتیلا باپ ہے، جو ادھر ہی دیکھ رہا ہے۔ آئے دن اخبارات میں خبریں چھپ رہی ہیں کہ عمرے کے ویزے پر بھکاری بھیک مانگنے جاتے ہیں۔ ذرا غور کیجیے تو اندازہ ہوتا ہے کہ آنے جانے کا کرایہ نکال کر انھیں ٹھیک ٹھاک بھیک مل جاتی ہے۔

جانے والے افراد بتاتے ہیں کہ ہر مسجد کے باہر گداگر موجود ہوتے ہیں جس سے پاکستان کا امیج خراب ہو رہا ہے۔ کئی بار مسافروں میں سے ایسے لوگوں کو آف لوڈ کیا گیا جو عمرے کی آڑ میں دراصل بھیک مانگنے جا رہے تھے۔ ان گداگروں کی اکثریت سرائیکی پٹی سے جاتی ہے۔ رحیم یار خان اور دوسرے علاقوں سے اکثریت عمرے کے ویزے حاصل کرتی ہے۔

ایجنٹ ان کو ویزا دلاتے ہیں اور یہ پوری شان سے پاکستان کو بدنام کرتے ہیں۔ پاکستان میں گداگری کی لعنت اسی وقت ختم ہو سکتی ہے جب لوگ یہ تہیہ کر لیں کہ وہ اب کسی کو بھیک نہیں دیں گے۔ لوگ ثواب کمانے کی خاطر بھکاریوں کو پیسے دیتے ہیں۔

وہ یہ نہیں سوچتے کہ بھکاری کو رقم دینے کے بجائے ایسے محنت کش سے ضرور کچھ خرید لیں جو محنت سے اپنی روزی کما رہا ہے۔ مکئی اور چنے بیچنے والے، پھول اور گجرے بیچنے والے سرفہرست ہیں جو گلی گلی اور سڑک سڑک پھر کر روزی کماتے ہیں بلاشبہ یہ صحیح حق دار ہیں انھیں دیجیے نہ کہ پیشہ ور بھکاری کو۔

شوبز کارنر/SHOWBIZ

اسپورٹس کارنر
SPORTS

لنڈے کی جیکٹ سے 100 پاؤنڈز ملے، عاصم محمود نے دلچسپ واقعہ بتا دیا

کراچی (کلچرل ڈیسک) پاکستان شوبز کے اداکار عاصم محمود نے اپنے کالج کے دنوں کا دلچسپ واقعہ بتا دیا۔ مشہور اداکار عاصم محمود، جنہوں نے اپنی اداکاری کے ذریعے کئی مشہور ڈراموں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے، حال ہی میں ایک پروگرام میں بطور مہمان شریک ہوئے۔ انہوں نے اپنے تعلیمی دور کے ایک دلچسپ واقعے کا ذکر کیا جو ان کے لیے ایک یادگار لمحہ تھا۔ عاصم محمود نے بتایا کہ جب وہ سیالکوٹ میں زیرِ تعلیم تھے، تو سردیوں کے دوران ان کے اسکول کے طلبا کو نیلے رنگ کے سویٹر پہننے کی اجازت تھی۔ ایک سال سخت سردی کے باعث انتظامیہ نے طلبا کو نیلے رنگ کا کوئی بھی گرم لباس پہننے کی اجازت دے دی۔ اس وقت عاصم نے اپنے کالج کے قریب لنڈا بازار سے ایک نیلے رنگ کا جیکٹ خریدا۔ انہوں نے خود ہی اسے دھویا اور استری کیا۔ عاصم نے انکشاف کیا کہ جب انہوں نے جیکٹ کی ایک اندر والی جیب چیک کی تو انہیں وہاں سے 100 پانڈ کا نوٹ ملا۔ یہ ان کے لیے ایک غیر متوقع خوشی تھی جسے وہ آج تک نہیں بھولے۔ اس واقعے کو انہوں نے اپنی محنت اور نصیب کا حصہ قرار دیا اور مداحوں کے ساتھ شیئر کیا۔

ناراض بیوی 5 منٹ میں خود آ کر معافی مانگے گی، ریمبو کا شوہروں کو مشورہ

اداکار کا یہ بیان سوشل میڈیا پر موضوع بحث بن گیا ہے اور لوگ مختلف قسم کے تبصرے کر رہے ہیں

کراچی (کلچرل ڈیسک) پاکستانی ڈرامہ اور فلم انڈسٹری کے مشہور اداکار جان ریمبو نے حال ہی میں ایک ٹی وی شو میں ازدواجی تعلقات کے مسائل پر اپنے خیالات کا اظہار کیا، جو سوشل میڈیا پر بحث کا موضوع بن گیا۔ ریمبو کا کہنا تھا کہ ازدواجی جھگڑوں میں مسئلہ اس وقت پیدا ہوتا ہے جب دونوں فریق ایک ساتھ غصے میں آ جاتے ہیں اور ان کا مشورہ یہ ہے کہ جب آپ کی بیوی غصے میں ہو اور آپ سے ناراض ہو، تو آپ خاموش رہیں۔ یہ مشورہ سن کر شاید کچھ لوگوں کو سمجھداری کا گمان ہو، لیکن ریمبو کی بات یہیں ختم نہیں ہوئی۔ انہوں نے مزید کہا، "پانچ منٹ بعد وہ خود آ کر معافی مانگے گی اور ساتھ چائے بھی لائے گی۔" رمبو نے خبردار کیا کہ اگر شوہر بھی بیوی کی طرح چیخنا شروع کرے تو سنگین نتائج بھگتنے پڑ سکتے ہیں۔ اگر آپ بھی شور کریں گے تو بیوی اپنی ماں کو فون کرے گی، اور پھر اس کی ماں آپ کے گھر پہنچ جائے گی۔ اداکار کا یہ بیان سوشل میڈیا پر تنقید کا نشانہ بن گیا ہے۔ ناقدین کا کہنا ہے کہ ریمبو نے اپنے مشورے میں خواتین کو قصوروار ٹھہرا کر ازدواجی مسائل کو ایک طرفہ انداز میں پیش کیا ہے۔

مجھ سے کوئی شادی نہیں کرنا چاہتا، نیلم منیر کی شادی کے بعد میرا افسردہ

لاہور (کلچرل ڈیسک) پاکستانی فلم اور ڈرامہ انڈسٹری کی معروف اداکارہ میرا نے ایک بار پھر شادی کے موضوع پر بیان دیا ہے جو سوشل میڈیا پر موضوع بحث بن گیا ہے۔ اداکارہ میرا جو 1990 کی دہائی سے فلم انڈسٹری کا حصہ ہیں، اپنی بہترین اداکاری اور منفرد بیانات کی وجہ سے مشہور ہیں۔ حال ہی میں ایک انٹرویو کے دوران میرا نے اپنی شادی نہ ہونے پر افسوس کا اظہار کیا۔ رپورٹر کے ساتھ گفتگو کے دوران جب نیلم منیر کی شادی کا ذکر آیا تو میرا نے جذباتی انداز میں کہا، مجھے بہت افسوس ہے کہ میں اب تک شادی نہیں کر سکی۔ کوئی مجھ سے محبت نہیں کرتا اور نہ ہی مجھ سے شادی کرنا چاہتا ہے۔ یہ کہتے ہوئے میرا وہاں سے اٹھ کر چلی گئیں جس پر سوشل میڈیا صارفین نے اس رپورٹر پر شدید تنقید کی اور کہا کہ اسے اداکارہ سے ایسا سوال ہی نہیں کرنا چاہیئے جس سے انہیں تکلیف پہنچے۔ سوشل میڈیا پر کچھ صارفین نے میرا کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا، جبکہ چند نے انہیں وقت پر شادی نہ کرنے پر تنقید کا نشانہ بنایا۔

ہانیہ عامر نے بھارتی کامیڈین ذاکر خان کو پاگل قرار دے دیا

ہانیہ نہ صرف پاکستان بلکہ دیگر ممالک خاص طور پر بھارت میں اپنی دلکش شخصیت کی وجہ سے مشہور ہیں

کراچی (کلچرل ڈیسک) پاکستان شوبز کی معروف اداکارہ ہانیہ عامر نے حال ہی میں بھارتی کامیڈین ذاکر خان کے حوالے سے تبصرہ کیا ہے جو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہا ہے۔ حال ہی میں ہانیہ نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام اسٹوری پر بھارتی کامیڈین ذاکر خان کے شو کی ایک ویڈیو کلپ شیئر کرتے ہوئے ان کی ذہانت اور حسِ مزاح کی تعریف کی۔ انہوں نے کامیڈین کو ٹیگ کرتے ہوئے لکھا: کیا پاگل انسان ہیں یار آپ۔ واضح رہے کہ ہانیہ عامر نہ صرف پاکستان بلکہ دیگر ممالک خاص طور پر بھارت میں بھی اپنی اداکاری اور دلکش و مزاحیہ شخصیت کی وجہ سے مشہور ہیں۔ وہ موجودہ دور کی مصروف ترین اداکاراں میں شمار ہوتی ہیں اور سوشل میڈیا پر بھی ان کے کروڑوں مداح موجود ہیں۔ وہ انسٹاگرام پر 17.1 ملین فالوورز والی پہلی پاکستانی بن چکی ہیں جنہیں دنیا بھر سے اتنے زیادہ صارفین فالو کر رہے ہیں۔

نیلم منیر کے ولیمے کی دلکش تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل

دولہا محمد راشد نے کالی شیرانی زیب تن کی، نیلم چمکدار سلور گرے لباس میں نہایت حسین لگ رہی ہیں

کراچی (کلچرل ڈیسک) پاکستانی ڈرامہ اور فلم انڈسٹری کی معروف اداکارہ نیلم منیر، اپنی خوبصورتی اور شاندار اداکاری کے باعث شائقین کے دلوں میں ایک خاص مقام رکھتی ہیں۔ حال ہی میں نیلم منیر رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئی ہیں اور ان کی مہندی، نکاح اور برات کی تصاویر سوشل میڈیا پر گردش کر رہی تھیں۔ اب اداکارہ نے اپنے ولیمے کی تصاویر بھی سوشل میڈیا پر شیئر کر دیں ہیں جنہیں مداحوں کی جانب سے بیحد پسند کیا جا رہا ہے۔ دولہا محمد راشد نے ولیمے کے دن کالی شیرانی زیب تن کر رکھی ہے جبکہ نیلم چمکدار سلور گرے لباس میں نہایت حسین لگ رہی ہیں۔ یہ جوڑا اپنی خوبصورت تصاویر میں بے حد پرکشش نظر آ رہا ہے اور ان کی تصویریں سوشل میڈیا پر شائقین کی توجہ کا مرکز بن بنی ہوئی ہیں۔ یاد رہے کہ یہ قیاس آرائیاں کی جا رہی تھیں کہ نیلم منیر نے کسی اماراتی سے شادی کی ہے تاہم اب یہ معلوم ہوا ہے کہ ان کے شوہر کا تعلق پاکستان سے ہی ہے۔



پاکستانی کیوسٹ محمد آصف نے سارک اسنوکر چیمپئن شپ جیت لی

محمد آصف کو تیسری سارک اسنوکر چیمپئن شپ جیتنے پر وزیراعظم شہباز شریف کی مبارکباد

کولمبو (اسپورٹس ڈیسک) پاکستانی کیوسٹ محمد آصف سارک اسنوکر چیمپئن شپ جیت لی۔ کولمبو میں منعقد ہونے والے ایونٹ کے فائنل میں محمد آصف نے سری لنکا کے طہ عشرت کو شکست دی۔ محمد آصف نے یہ مقابلہ بغیر کوئی فریم ڈراپ کیے بغیر جیتا۔ دوسری جانب وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستانی اسنوکر کھلاڑی محمد آصف کو تیسری سارک اسنوکر چیمپئن شپ جیتنے پر مبارکباد دی ہے۔ وزیراعظم کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ محمد آصف نے اسنوکر کی ایک اہم چیمپئن شپ جیت کر ملک کا نام پوری دنیا میں روشن کیا۔ پوری قوم کو آپ پر فخر ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے محمد آصف کے مستقبل کے لئے نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا۔

مسلسل شکستیں، گمبھیر کی عزت خاک میں مل گئی، منافق قرار

وہ جو دوسروں کو تبلیغ کرتے ہوئے کہتے ہیں حقیقت میں اس کے بالکل برعکس ہیں، منوج تیواری

ممبئی (اسپورٹس ڈیسک) سابق بھارتی کرکٹر منوج تیواری نے انڈین ٹیم کے موجودہ ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر کو 'منافق' قرار دیدیا۔ انٹرنیشنل کرکٹ میں بھارت کیلئے 12 ون ڈے اور محض 3 ٹی 20 کھیلنے والے سابق کرکٹر منوج تیواری نے بھارتی کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر پر تنقید کے نشتر چلاتے ہوئے نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا میں ہار کا ذمہ دار انہیں قرار دیا۔ منوج تیواری نے گوتم گمبھیر پر الزام عائد کیا کہ وہ پی آر کے ذریعے کھلاڑیوں کو موقع دے رہے ہیں، بارڈر- گواسکر ٹرافی میں اپنا ٹیسٹ ڈیبیو کرنے والے ہرشیت رانا کو کیوں کھلایا گیا جبکہ پرتھ کی کنڈیشنز پر آپ کے پاس آکاش دیپ جیسا کرکٹر موجود تھا، جس کا پیس بھی آسٹریلوی کنڈیشنز کیلیے زیادہ موثر تھا۔ انہوں نے سوال کیا کہ بتائیں گوتم گمبھیر! آکاش دیپ نے کیا غلط کیا؟ اس نے بنگلا دیش کیخلاف شاندار بالنگ کروائی لیکن اس کے باوجود آسٹریلوی کنڈیشنز میں اسے بٹھا کر رکھا گیا اور نئے کھلاڑی کو ڈیبیو کروا دیا۔ سابق کرکٹر نے گمبھیر کے ساتھ اپنے تعلقات کے کچھ پرانے تعلقات پر لب کشائی کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے میرے خاندان کو گالی دی جبکہ سابق کپتان اور لیجنڈ سارو گنگولی کیلیے بھی گھٹیا الفاظ کا استعمال کیا۔ آئی پی ایل میں کولکتہ نائٹ رائیڈرز کیلیے گمبھیر کے ساتھ کھیلنے والے منوج تیواری نے ساتھی کرکٹر کو منافق قرار دیتے ہوئے کہا کہ وہ جو دوسروں کو تبلیغ کرتے ہوئے کہتے ہیں حقیقت میں اس کے بالکل برعکس ہیں۔

مصباح الحق کے بیٹے فہام الحق کی پی ایس ایل میں بھی انٹری ہوگئی

کراچی (اسپورٹس ڈیسک) قومی ٹیم کے سابق کپتان اور سلیکشن کمیٹی کے رکن مصباح الحق کے بیٹے کو پاکستان سپر لیگ کے دسویں ایڈیشن میں مقامی کھلاڑیوں کی کیٹگری میں شامل کر لیا گیا۔ پی ایس ایل انتظامیہ کی جانب سے جاری کردہ پوسٹ میں دیکھا جا سکتا ہے کہ سابق کپتان مصباح الحق کے صاحبزادے اور انڈر 19 کرکٹر فہام الحق کو پاکستان سپر لیگ کے 10 ویں ایڈیشن کیلئے مقامی کھلاڑیوں کی گولڈ کیٹیگری میں شامل کیا گیا ہے۔ ایمرجنگ کیٹیگری میں مقامی کھلاڑیوں کی انتہائی متوقع فہرست کی نقاب کشائی کی، جس میں حنین شاہ، عبید شاہ، انڈر 19 کپتان سعد بیگ اور شائل حسین کئی قابل ذکر نام شامل ہیں۔ فہرست میں شامل نسیم شاہ کے بھائیوں نے گزشتہ سیزن میں اسلام آباد یونائیٹڈ کی نمائندگی کرتے ہوئے ٹیم کی فتوحات میں اہم کردار ادا کرتے ہوئے تیسری بار ٹرافی جتوائی تھی۔ واضح رہے کہ رواں برس پاکستان سپر لیگ کا اگلا ایڈیشن اپریل اور مئی میں شیڈول ہوگا۔

کیا چہل دھنا شری ورما کو دھوکا دے رہے ہیں؟ تصویر وائرل

وائرل تصویر کے بعد سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر کرکٹر کو کئی مداح دھوکے باز کہنے لگے

ممبئی (اسپورٹس ڈیسک) بھارتی کرکٹ ٹیم کے رکن اور اسپنر یوزویندر چہل اور انکی اہلیہ دھنا شری ورما کے درمیان طلاق کی خبروں کے بیچ کرکٹر کی آر جے مہوش کیساتھ کرسمس منانے کی تصاویر وائرل ہوگئیں۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر بھارتی کرکٹر یوزویندر چہل کو آر جے مہوش سمیت دیگر دوستوں کے ہمراہ ساتھ کھانا کھاتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے جبکہ مہوش مداحوں کے کمنٹس سے بچنے کیلئے پوسٹ کے کمنٹ سیکشن کو بند کر رکھا ہے۔ اس سے قبل بھارتی کرکٹر چہل نے اپنی اسٹوری شیئر کرتے ہوئے بھارتی اسپنر یوزویندر چہل نے اپنے چاہنے والوں کی حمایت کا شکریہ ادا کیا اور اپنی تحریر کردہ بیان میں لکھا کہ میرے اور اہلیہ کیخلاف بیبنیاد قیاس آرائیاں پھیلائی جا رہی ہیں، جس سے میرے احباب اور خاندان والوں کو شدید تکلیف سے گزرنا پڑا۔ انہوں نے بنا تصدیق خبر پھیلانے پر تنقید کرتے ہوئے خبررساں ایجنسی کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ ہمارے رشتے کی رازداری کا احترام کیا جانا چاہیے، ذاتی زندگی میں دخل اندازی نہایتی گری ہوئی حرکت تھی۔ کرکٹر نے اہلیہ سے علیحدگی کی خبروں پر کہا کہ میری اور دھنا شری ورما کے درمیان محبت کی کہانی کئی افراد کیلئے متاثر کن تھی، کوویڈ کے دوران شروع ہونے والی اس کہانی کو ہم نے شادی کے ذریعے پایا تکمیل تک پہنچایا۔ دوسری جانب چہل اور دھنا شری ورما نے تاحال افواہوں کی تردید پر کوئی بیان جاری نہیں کیا ہے تاہم جوڑا اپنے درمیان علیحدگی کی افواہوں کو مسترد کر رہا ہے۔ ایک روز قبل انکی اہلیہ دھنا شری ورما نے اپنی انستا پوسٹ میں لکھا تھا کہ گزشتہ چند دن میرے اور میرے خاندان کیلئے بے حد مشکل رہے، سب سے زیادہ پریشان کن وہ تحریریں ہیں جو حقائق کے منافی ہیں، اس ٹرولنگ سے پھیلائی جانے والی نفرت کے ذریعے میرے کردار کی توہین ہوئی ہے۔ انہوں نے مزید لکھا کہ میں نے اپنا نام اور ساکھ بنانے کیلئے سالوں محنت کی، میری خاموشی کمزوری کی علامت نہیں بلکہ طاقت کی نشانی ہے، آن لائن پلیٹ فارمز پر مجھ سے منسوب منفی چیزیں آسانی سے پھیلائی جاتی رہیں۔ دھنا شری نے اپنے نوٹ کا اختتام کرتے ہوئے لکھا کہ سچ کو کسی وضاحت کی ضرورت نہیں ہوتی۔ خیال رہے کہ دونوں کے درمیان علیحدگی کی خبروں کو تقویت اس وقت ملی تھی جب یوزویندر چہل اور دھنا شری نے ایک دوسرے کو انسٹاگرام پر ان فالو کر دیا اور ساتھ ہی کرکٹر نے دھنا شری کی تصاویر بھی ڈیلیٹ کر دیں ہیں جبکہ ان کی اہلیہ دھنا شری ورما نے بھی کرکٹر کو ان فالو کیا ہے لیکن یوزویندر چہل کی تصاویر نہیں ہٹائیں۔

کیا نوواک جوکووچ کو زہر دیا گیا تھا؟ سابق ٹینس اسٹار کا انٹرویو وائرل

کراچی (اسپورٹس ڈیسک) عالمی شہرت یافتہ سربین ٹینس اسٹار اور 24 بار گرینڈ سلم چیمپئن نوواک جوکووچ نے خود کو زہر دیے جانے سے متعلق بڑا دعوی کر دیا۔ ایک انٹرویو میں سربیا سے تعلق رکھنے والے نواک جوکووچ نے بتایا کہ 2022 کے آسٹریلین اوپن ویزا کیس کے دوران حراست میں لیے جانے کے بعد انہیں ہوٹل میں زہر دیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے احساس ہوا کہ میلبرن کے اس ہوٹل میں مجھے زہریلی خوراک دی گئی اور سربیا واپسی پر مجھے صحت کے مسائل کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ ٹینس اسٹار کا کہنا تھا کہ میں نے یہ بات کبھی کسی کو عوامی طور پر نہیں بتائی لیکن پتہ چلا میرے جسم میں کافی دھات اور مرکری پائی گئی تھی۔ جوکووچ نے رواں ہفتے میلبورن کے ہیرالڈ سن اخبار کو بتایا کہ وہ اب بھی 3 سال پہلے کے تجربات سے صدمے کا شکار ہیں اور شہر کے ائیرپورٹ پر پہنچ کر تنا محسوس کرتے ہیں۔ نواک جوکووچ نے کہنا تھا کہ آسٹریلیا کے محکمہ داخلہ نے پرائیویسی وجوہات کا حوالہ دیتے ہوئے اس معاملے پر تبصرہ کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ خیال رہے کہ 2022 میں نواک جوکووچ کو آسٹریلوی حکام نے آسٹریلین اوپن میں شرکت کی اجازت نہیں دی تھی۔

بقیہ نمبر 1

ناکام ہو چکی ہے بلکہ اپنی تنخواہوں اور مراعات میں اضافہ کر کے عوام کے زخموں پر نمک چھڑک رہی ہے۔ ہم واضح کرتے ہیں کہ تحریک انصاف کراچی کی واحد نمائندہ جماعت ہے جو عوام کے حقوق کے لیے آخری حد تک جائے گی۔ پیپلز پارٹی نے خود کو جمہوریت کا ٹھیکیدار کہہ کر عوام کو دھوکہ دیا ہے، اور ہم ان کی اس منافقت کو کبھی معاف نہیں کریں گے۔ "جنرل سیکرٹری ارسلان خالد نے کہا کہ کراچی کی معاشی تباہی کی ذمہ داری براہ راست سندھ حکومت پر عائد ہوتی ہے۔ بجلی کے بلوں میں اضافے اور پانی کی عدم فراہمی نے عوام کو موت کے دہانے پر پہنچا دیا ہے۔ ٹینکر مافیا کا راج سندھ حکومت کی مجرمانہ غفلت کا واضح ثبوت ہے۔ کراچی، جو عالمی سطح پر معاشی اہمیت رکھتا ہے، آج مکمل بدحالی کا شکار ہے۔ بڑی کمپنیاں اپنا آپریشن بند کر چکی ہیں، عوام بیماریاں، مہنگائی، اور سردی سے مر رہے ہیں، لیکن سندھ حکومت اپنی عیش و عشرت میں مصروف ہے۔ پیپلز پارٹی عوام کو کچلنے کی پالیسی پر گامزن ہے۔ یہ ظلم اور ناانصافی اب مزید برداشت نہیں کی جائے گی۔ اگر یہ مسائل حل نہ کیے گئے تو ہم عوام کے ساتھ مل کر سڑکوں پر آئیں گے اور اس کرپٹ حکومت کو بے نقاب کریں گے۔"

بقیہ نمبر 2

، جو کہ گرامر کی غلطیوں سے بھری ہوئی ہیں، اور زبان کی تدریس کے لیے غیر تربیت یافتہ اساتذہ کی تقرری جیسے مسائل بھی شامل ہیں۔ وزیر تعلیم سید سردار علی شاہ واضح کیا ہے کہ مادری زبانیں پڑھانے کے معاملے پر نجی اسکولز کے غیر سنجیدہ رویے سے بچے کی زبان سیکھنے کی بنیاد متاثر ہوتی جا رہی ہے۔ ان مسائل کے حل کے لیے وزیر تعلیم نے کئی اہم اقدامات کا مشورہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ مادری زبان جیسہ کہ اردو اور سندھی کے لیے سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ کی منظور شدہ نصابی کتابوں کا لازمی استعمال کیا جائے اور تربیت یافتہ اور اہل اساتذہ کی تقرری، اور ان مضامین کے لیے کم از کم ہفتہ میں چار کلاسز مختص کی جائیں۔ مزید برآں اردو بولنے والے طلبہ کے لیے آسان سندھی کی نصابی کتب جبکہ سندھی بولنے والے طلبہ کو بھی سندھی اور اردو مضامین پڑھائے جائیں۔ اس کے علاوہ نجی اسکولوں کو اپنی اردو اور سندھی کی نصابی کتابیں)جماعت سوم سے نہم تک (ڈائریکٹوریٹ آف انسپکشن اینڈ رجسٹریشن آف پرائیویٹ انسٹیٹیوشنز کو تصدیق کے لیے جمع کروانے کی بھی ہدایت دی گئی ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا ہے کہ یہ اقدامات ہماری مادری زبانوں کی ترویج، موثر تدریس، قانونی تقاضوں کی پاسداری، اور سندھ کی ثقافتی وراثت کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے وضع کیے گئے ہیں، اس ضمن میں ڈائریکٹوریٹ آف انسپکشن اینڈ رجسٹریشن آف پرائیویٹ انسٹیٹیوشنز نے تمام نجی اسکول کو مراسلہ بھی جاری کر دیا ہے۔

بقیہ نمبر 3

، افراط زر 4.1 فیصد پر آنے کے بعد پالیسی ریٹ میں 2 سے 3 فیصد کمی کا امکان ہے۔ 30 جون تک پالیسی ریٹ کے سنگل ڈیجٹ میں آنے کی توقع کی جا رہی ہے۔ یہ تبدیلیاں معیشت کی بہتری اور مالی استحکام کے حوالے سے اہم ہیں، اور ان کا اثر مارکیٹ میں محسوس کیا جا سکتا ہے

بقیہ نمبر 4

ہر ممکن سہولیات فراہم کر رہے ہیں، ہم وسائل کا رونا نہیں روئیں گے ہم اختیارات سے بڑھ کے کام کریں گے ہم عوام کی پریشانیوں سے بخوبی آگاہ ہیں، عوام کو بلدیاتی سہولیات مہیا کرنا ہماری اولین ذمہ داری ہے، اس موقع چیئرمین نصرت اللہ نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ سڑک کی تعمیر میں معیاری میٹریل استعمال کیا جائے تاکہ مضبوط اور پائیدار سڑکوں کی تعمیر ممکن ہو جس سے عوام لمبے عرصے تک استفادہ حاصل کر سکیں، انہوں نے مزید کہا کہ میں میری پوری ٹیم اور بلدیاتی افسران و عملہ عوام کو ہر ممکنہ بلدیاتی سہولیات میسر کرنے کیلئے کوشاں ہیں، اس موقع پر میونسپل کمشنر عبدالحمید سہاگ نے کہا کہ میں گلبرگ ٹاؤن کے عوام کو یقین دلاتا ہوں کہ سڑک کی تعمیر کے ساتھ ساتھ علاقے کے دیگر مسائل بھی جلد سے جلد حل کیئے جائیں گے، سڑک بنانا ہمارا کام تھا اب اس کی حفاظت ہم سب مل کر کریں گے یہ آپ کے ٹیکس کے پیسوں سے تعمیر کی گئی ہے اس کی حفاظت کرنا ہماری ذمہ داری ہے اس موقع پر ان کے ہمراہ یوسی چیئرمین عظیم اللہ حسینی، وائس چیئرمین اویس بیگ، XEN بی این آر محمد سہیل اور دیگر بلدیاتی افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 5

منصوبہ 45000 کلومیٹر طویل زیر سمندر کیبل نیٹ ورک پر مشتمل ہے، یہ منصوبہ 33 ممالک میں 46 لینڈنگ اسٹیشنز کو جوڑتا ہے۔ پاکستان میں 2Africa Cable Project لینڈنگ مقام ہاکس بے، کیماڑی ٹاؤن کراچی میں ہوگی جبکہ اس کا مقامی آپریٹر ٹرانس ورلڈ ایسوسی ایٹس ہوگا، یہ منصوبہ ملک میں انٹرنیٹ کی رفتار میں نمایاں بہتری لائے گا۔ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن حکام کی کاوشوں سے پاکستان گلوبل سائبر سیکیورٹی انڈیکس 2024 رینکنگ میں 79 ویں سے 40 ویں نمبر تک پہنچ گیا۔ پاکستان دنیا کے ان 37 ممالک میں شامل ہو گیا ہے جنہوں نے WebTrust آڈٹ شدہ نیشنل پبلک انفراسٹرکچر قائم کی، اس اقدام سے ملک میں سائبر سیکیورٹی اور ڈیجیٹل سرٹیفکیشن کے نظام میں نمایاں بہتری آئے گی۔

بقیہ نمبر 6

قومی اور علاقائی اثرات کو پیش کیا اور پاکستان میں روزمرہ کے طبی اصولوں میں اخلاقیات کے سلسلے میں ابھی تک جو چیلنجز درپیش ہیں ان پر بھی اظہار خیال کیا۔ ایس آئی یو ٹی سے پروفیسر انور نقوی نے گزشتہ بیس سالوں میں پاکستان اور خطے میں) سی بیک (کی کامیابیوں کے بارے میں بتایا۔ اس کے بعد پروفیسر عامر جعفری نے آرکائیوز کے ذریعے ادارے کے گزشتہ دو دہائیوں کی سرگرمیوں کو دلچسپ انداز میں پیش کیا۔ کانفرنس کے کلیدی خطاب میں گھانا سے تعلق رکھنے والے طبی اخلاقیات اور عالمی صحت کے ماہر، ڈاکٹر سیزر اطورے نے "طبی اخلاقیات میں کثیر الجہتیات " کے موضوع پر براہ راست خطاب کیا۔ ڈاکٹر اطورے نے حیاتیاتی روایات کے اندر نوآبادیاتی ذہنیت پر تنقید کی اور انسانی اخلاقیات کی تشکیل میں مقامی سیاق و سباق اور اقدار کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

بقیہ نمبر 7

فوڈ اتھارٹی کیا کر رہی ہے؟ عبدالجبار خان کا کہنا تھا کہ لائسنس کے طریقے کار کو آسان کر کے فوری رجسٹریشن کرائی جائے تمام کھانے پینے کی اشیا کی ایکسپائری ڈیٹ چیک کی جائے، ہوٹل اور ریسٹورنٹس پر گوشت، مچھلی و دیگر اشیا کا معیار چیک کیا جائے انہوں نے کہا کہ ہر گلی محلے میں آر او پلانٹس چل رہے ہیں کیا تمام آر او پلانٹس لائسنس یافتہ ہیں کیا آر او پلانٹ سے ملنے والا پانی عوام کے لیے فائدہ مند ہیں یا نقصان دہ؟ عبدالجبار خان نے افسران سے پوچھا کہ کتنے آر او پلانٹس کے سیمپل لے کر چیک کروائے جا چکے ہیں، عبدالجبار خان نے کہا کہ نہ صرف کراچی بلکہ سندھ کے دیہی علاقوں سے بھی دودھ کراچی میں سپلائی کیا جاتا ہے دودھ کی تشخیص کے لیے پولیس کے ساتھ مل کر تمام انٹری پوائنٹس پر ناکہ بندی کی جائے اور اسی وقت دودھ کے سیمپلز کو ٹیسٹ کیا جائے دودھ کو مضر صحت ہونے کی صورت میں اسی وقت ضائع کر کے دودھ فروش کے خلاف ایف آئی آر درج کرا کے گرفتار کرایا جائے انہوں نے افسران سے پوچھا کہ لیب ٹیسٹ کہاں سے کرائے جاتے ہیں جس پر افسران نے کہا کہ جب سے کراچی یونیورسٹی میں فوڈ اتھارٹی لیب کا انعقاد ہوا ہے تمام ٹیسٹ وہاں سے کرائے جاتے ہیں عبدالجبار خان نے کہا کہ تمام بیکری، ہوٹل اور ریسٹورنٹ پر کام کرنے والے تمام ملازمین کا میڈیکل سرٹیفکیٹ چیک کیا جائے انہوں نے افسران سے کہا کہ ہر تین مہینے کی ڈیپازٹ رپورٹ ہر صورت پیش کی جائے کسی قسم کی لاپرواہی یا غفلت کو برداشت نہیں کیا جائے گا ہر روز وزٹ کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ نمبر 8

ٹیسٹ انعقاد کو سراہا رجسٹرار ڈاکٹر اعظم خان اور ٹیم نے امتحانی مراکز کا دورہ کیا ٹیسٹ پائیدار ترقی کے اہداف معیاری تعلیم اور صنفی مساوات سے ہم آہنگ آفس آف ایڈمیشنز اور شعبہ امتحانات کی کارکردگی کو سراہا گیا۔ ڈائریکٹر ایڈمیشنز، ڈاکٹر فاطمہ عابد کے مطابق، بی ایس این 4 سالہ ڈگری پروگرام کے لیے صوبے بھر سے 5410 امیدواروں نے درخواستیں جمع کرائیں، جن میں سے 2583 امیدواروں کو اہل قرار دیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ "ٹیسٹ بایولوجی، کیمسٹری، فزکس، اور انگلش کے سوالات پر مشتمل تھا۔ داخلے 25 طلبا اور 25 طالبات کے لیے مختص نشستوں پر دیے جائیں گے۔ "وائس چانسلر پروفیسر امجد سراج میمن نے بی ایس این انٹری ٹیسٹ کے شفاف اور کامیاب انعقاد پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے آفس آف ایڈمیشنز اور شعبہ امتحانات کی کاوشوں کو سراہا اور اس عمل کو پائیدار ترقی کے چوتھے اور پانچویں اہداف یعنی معیاری تعلیم اور صنفی مساوات سے ہم آہنگ قرار دیا۔ رجسٹرار ڈاکٹر اعظم خان، کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر فوزیہ امتیاز اور ڈاکٹر فاطمہ عابد نے دونوں کیمپس میں قائم امتحانی مراکز کا دورہ کیا۔ انہوں نے انتظامات اور امیدواروں کو فراہم کی گئی سہولیات کا جائزہ لیا اور تنظیمی ٹیموں کی مشترکہ کوششوں کو سراہا۔

بقیہ نمبر 9

شرکت کی، افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین ایچ ای سی سندھ پروفیسر طارق رفیع نے کہا کہ ٹیمپورل بون ڈائی سیکشن، اوٹولیرنگولوجی ٹریننگ کا ایک اہم جز و، جس میں اناٹومیکل علوم اور سرجری میں مہارت کی ضرورت ہوتی ہے، انہوں نے کہا کہ 2000 کی دہائی کی ابتدا سے پاکستان میں اس شعبے میں تیزی سے جدت آئی ہے، جدید تربیتی پروگرامز، ورکشاپس اور کانفرنسز نے پاکستانی اوٹولیرنگولوجسٹس کی مہارت میں نمایاں اضافہ کیا ہے، اس موقع پر ڈا یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر محمد سعید قریشی نے کہا کہ اسکل لیبارٹری کے قیام کے ذریعے ریزیڈینٹس کو سرجری کی صلاحیت کو نکھارنے کے لیے ایک مخصوص جگہ فراہم کی گئی ہے جس کا مقصد اسٹیشنز اور لیبارٹری کو جدید آلات اور بہتر سہولیات سے لیس کرنا، صلاحیتوں بہتر اور مضبوط بنانا ہے، انہوں نے کہا کہ اسکل لیب کے قیام میں ڈا یونیورسٹی کے ای این ٹی ڈپارٹمنٹ کی چیئرپرسن پروفیسر زیبا احمد اور ان کی ٹیم کی کوششیں قابل قدر ہیں، لیبارٹری میں 17 اسٹیشنز ہیں جن میں سے 5 مکمل طور پر آپریٹنگ مائیکرواسکوپس سے لیس ہیں، اس لیبارٹری سے، نظریاتی علم اور عملی اطلاق کے مابین فرق کو ختم کرنے میں مدد ملے گی تاکہ ٹرینیز ضروری سرجیکل مہارت حاصل کر سکیں اور مریضوں کو بھی بہترین سہولیات فراہم کی جا سکیں، اس لیبارٹری سے ٹیمپورل بون کی ڈائیسیکشن اور سرجری کی ہینڈز آن ٹریننگ، ٹیمپورل بون کی اناٹومی کو سمجھنے میں مدد ملے گی، سرجری کو سمجھنے اور اہم ترین اعضا کو پہچاننے اور انہیں محفوظ کرنے کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔

بقیہ نمبر 10

رسول کانفرنس میں عوام کو عام دعوت دی جائے گی۔ نوجوانوں کی بڑی تعداد کانفرنس میں شرکت کرے گی۔۔

بقیہ نمبر 11

، شیخ الجامعہ پروفیسر ڈاکٹر ضابطہ خان شنواری کی بار ہا توجہ دلانے اور خطوط لکھنے کے باوجود نہ تو حکومت اس مسئلہ کا نوٹس لے رہی ہے اور نہ ہی ہائر ایجوکیشن کمیشن کی جانب سے گرانٹ میں اضافہ کیا جا رہا ہے، یونیورسٹی انتظامیہ کی جانب سے بار ہا وفاقی وزارت تعلیم، اعلی تعلیمی کمیشن، اعلی تعلیمی کمیشن سندھ، حکومت سندھ کو یونیورسٹی کی صورتحال سے آگاہ کیا گیا لیکن کہیں سے بھی کوئی مثبت جواب نہیں آ رہا بلکہ مستقل شیخ الجامعہ نے مثبت قدم اٹھاتے ہوئے 13 سال بعد کانووکیشن کا اعلان کیا تو اس میں بھی وزارت تعلیم آڑے آ گئی جبکہ اس پر یونیورسٹی پر کوئی مالی بوجھ نہیں پڑھنا تھا اس کے باوجود مالی بوجھ کا بہانہ بنا کر وزارت تعلیم نے کانووکیشن کرنے سے روک دیا، موجودہ صورتحال یہ ہے کہ وفاقی اردو یونیورسٹی جو کہ کراچی کی دوسری پبلک یونیورسٹی ہے جہاں نہ صرف کراچی بلکہ سندھ کے 80 فیصد طلبہ تعلیم حاصل کر رہے ہیں اس کو حکومت سندھ کوئی گرانٹ نہیں دیتی اعلی تعلیمی کمیشن گرانٹ میں اضافہ نہیں کر پارہا اور وفاقی حکومت بے حسی کا مظاہرہ کر رہی ہے۔

بقیہ نمبر 12

میں سرخرو اور کامیاب ہونے میں سبقت لیجا سکتے ہو تو بلال حبشیؓ نے محمد عربی ﷺ کو جواب دیتے ہوئے فرمایا کہ میں جب بھی وضو کرتا ہوں تو رب تعالی کے حضور کھڑے ہو کر دو نوافل ادا کر لیتا ہوں ان خیالات کا اظہار جماعت غرباء اہل حدیث پاکستان کے ممتاز علمی دانشور اور محقق مفتی صہیب شاہد دہلوی نے جامع مسجد رحمانیہ دادا بھائی ٹاؤن کراچی میں خطبہ جمعہ دیتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ایک مرتبہ رسول اکرم ﷺ نے صحابہ کرام سے سوال کیا کہ ایسا کون آدمی ہے جو ہر روز 360 مرتبہ بارگاہ خداوندی میں صدقہ دیتا ہو تو اس سوال پر صحابہ کرام نے آپ ﷺ سے کہا کہ ہمارے درمیان کوئی ایسا آدمی نہیں ہے جو ہر روز 360 مرتبہ رب تعالی کی راہ میں صدقہ دے سکے تو آمنہ کے لعل محمد عربی ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص ہر روز (9 بجے دن) نماز چاشت کی دو رکعتیں ادا کر لیتا ہے تو رب تعالی اس کے نامہ اعمال میں 360 مرتبہ صدقہ دینے کا اجر لکھ دیا کرتے ہیں مفتی صہیب شاہد نے کہا کہ ہم چھوٹے چھوٹے اعمال صالحہ اور نوافل کو اہمیت نہیں دیتے لیکن رب تعالی اور انسان کی محبت و رفاقت میں اس وقت سراپا انقلاب آ جاتا ہے جب جب حضرت انسان رب تعالی کی قربتیں اور محبتیں سمیٹ کر لافانی اور ابدی چراغ جلانے میں مصروف عمل ہو جایا کرتا ہے انہوں نے کہا کہ ہمیں چاہیے کہ ہم چھوٹی چھوٹی عبادات کو کمتر نہ سمجھیں بلکہ انہیں وقت مقررہ پر ادا کر کے بارگاہ الہی سے بہت زیادہ اجر سمیٹنے میں کامیاب ہو سکتے ہیں ہم اکثر و بیشتر چھوٹی عبادات کو کمتر سمجھ کر اسے بجالانے میں سستی اور کاہلی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 13

لو بریشن پروفیسر ڈاکٹر احسانہ ڈار فاروق تھیں جب کہ ڈپٹی اکاونٹنٹ جنرل سندھ ڈاکٹر بابر خان نے مہمان اعزازی کی حیثیت سے شرکت کی۔۔ حسب روایت ہمدرد پبلک سکول نے فوڈ فیسٹیول کا انعقاد کیا تھا جس میں طلبا اور اساتذہ نے مل کر مختلف اسٹالز لگائے تھے۔

بقیہ نمبر 14

لاکھ سے زائد میری گولڈ اور پوٹونیا کے پھول نمائش میں رکھے گئے ہیں، کراچی کو پھولوں کے لئے نہیں جانا جاتا لیکن ہم کوشش کر رہے ہیں کہ یہ پھولوں کا شہر بھی بنے، یہ بات انہوں نے جمعہ کے روز باغ جناح فریئر ہال میں بلدیہ عظمی کراچی محکمہ پارکس اینڈ ہارٹی کلچر کے زیر اہتمام پانچویں سالانہ فلاور شو کا افتتاح کرنے کے بعد میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی، اس موقع پر ڈپٹی میئر کراچی سلمان عبداللہ مراد، سٹی کونسل میں پارلیمانی لیڈر کرم اللہ وقاصی، ڈپٹی پارلیمانی لیڈر دل محمد، جمن دروان، ڈائریکٹر جنرل پارکس اخلاق خان یوسف زئی اور دیگر افسران و منتخب نمائندے بھی موجود تھے، میئر کراچی بیرسٹر مرتضی وہاب نے کہا کہ آج یہاں پھولوں کی نمائش کے موقع پر سٹی کونسل کے اراکین میرے ساتھ موجود ہیں جن کا ہر زبان، رنگ و نسل اور کراچی کے ہر ضلع سے تعلق ہے، یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ ہم تفریق اور تعصب کی سیاست پر یقین نہیں رکھتے بلکہ شہر کی تعمیر و ترقی کے لئے سب کو ساتھ لے کر چلنا چاہتے ہیں۔

بقیہ نمبر 15

کہ مختلف سرکاری اداروں کی طرف سے فون کالز کر کے برسوں پرانا ریکارڈ طلب کیا جا رہا ہے، میٹنگز کیلئے دفاتر بلایا جا رہا ہے جس سے تاجر برادری خوف کا شکار ہے۔ رانا تنویر حسین نے اس معاملے پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آپ ہمارا اثاثہ ہیں، باعزت ہیں، ملکی معیشت کو سپورٹ کر رہے ہیں، تاجر برادری کو بلاوجہ رابطہ نہ کرنے کیلئے ایف آئی اے کو پہلے ہی ہدایات کی جا چکی ہیں لیکن آپ پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ اچھا اور معیاری مال برآمد کریں جس سے ملک کی نیک نامی پر حرف نہ آئے۔ ان کا کہنا تھا کہ بدلتے وقت اور جدیدیت کے ساتھ آپ اپنی معلومات میں اضافہ اور ٹیکنالوجی میں تبدیلی لائیں۔ ملاقات میں چاول برآمد کنندگان نے وفاقی وزیر سے مطالبہ کیا کہ چاول کی برآمدات 2 سے 4 ارب ڈالر ہو چکی ہیں لہذا اس کو صنعت کا درجہ دیا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ پورٹ پر کانٹے کی اجازت دی جائے یا کمرشل کانٹے والوں سے ہمارے لیے رعایتی نرخوں کی بات کی جائے۔

بقیہ نمبر 16

لوک موسیقی کا ایک اہم باب بند ہو گیا، اور ان کے مداحوں میں غم کی لہر دوڑ گئی

بقیہ نمبر 17

میٹرو 20 ماہ میں مکمل ہو جاتی ہے لیکن ایک ریڈ لائین پروجیکٹ کو 3 سال ہو گئے ہیں، اس کی تکمیل دور دور تک نظر نہیں آ رہی، کراچی کی موجودہ ابتر حالت پیپلز پارٹی کی 16 سالہ بدترین حکمرانی کا منہ بولتا ثبوت ہے، قابض میئر اب تک شہر میں گٹر کے ڈھکن تک نہ لگا سکے اور کراچی کے بچے گٹروں میں گر کر اپنی جان گنوا رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو ٹاؤن میونسپل کارپوریشن جناح ٹاؤن کے تحت یوسی 4 میں نیو ایم اے جناح روڈ پر'' میر عثمان علی پردہ پارک میں پھولوں کی 5 روزہ نمائش'' کے افتتاح کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب سے امیر ضلع قائدین انجینئر عبدالعزیز، ٹاؤن چیئرمین رضوان عبدالسمیع، پارکس کمیٹی کے انچارج حماس قریشی نے بھی خطاب کیا جبکہ نظامت وائس یوسی چیئرمین ضیاء نے کی۔ اس موقع پر وائس ٹاؤن چیئرمین حامد نواز، سیکریٹری ضلع نعمان حمید، ٹاؤن کوآرڈی نیٹر ولید احمد، سینئر ڈپٹی سیکریٹری صہیب احمد، یوسی چیئرمین راؤ عاطف قریشی، ٹاؤن آفیسر محمد سلیم، مرد و خواتین اور بچوں سمیت علاقہ مکینوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔

بقیہ نمبر 18

خود بھی اپنی زمین فروخت کر چکا ہے۔ شکایت کنندہ نے رپورٹ پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے دوبارہ صوبائی محتسب سندھ دفتر سے رابطہ کیا اور متعلقہ تپیدار کے خلاف کاروائی کی درخواست کی۔ بعدازاں متعدد ساعتوں کے بعد مذکورہ زمین کی کو سروے نمبر 1-12 /571 کے تحت ریونیو ریکارڈ میں ریکارڈ کر لیا گیا۔ دوسری جانب اتحاد ٹاؤن کراچی کے رہائشی فہد احمد کے پی آر سی ڈومیسائل کے اجرا کا معاملہ بھی حل کر دیا گیا۔ درخواست گزار نے موقف اختیار کیا تھا کہ اس نے اپنی تعلیم اعلی ثانوی تعلیمی بورڈ کراچی سے حاصل کی ہے جبکہ اسکے والدین اور خود شکایت کنندہ کا شناختی کارڈ بھی موجودہ رہائشی پتہ پر ہی موجود ہے تاہم ڈپٹی کمشنر کیماڑی آفس اسکا ڈومیسائل اور پی آر سی کے اجرا کی نفی کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 19

بہتر تربیت کی ضرورت پر روشنی ڈالی۔ جی این ایم آئی کی صدر ناجیہ اشعر نے سیشن کا باضابطہ آغاز کرتے ہوئے سرکاری اور نجی شعبے کے عہدیداروں کی استعداد کار بڑھانے کے لیے اپنے ادارے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے سندھ، پنجاب اور آزاد جموں و کشمیر میں کرمنل جسٹس پریکٹیشنرز کے لیے استعداد کار بڑھانے کے پروگراموں سمیت جی این ایم آئی کے سابقہ پروگرامز پر روشنی ڈالتے ہوئے سرکاری اداروں کو مضبوط بنانے اور عوامی خدمات کی فراہمی میں بہترین کارکردگی کو فروغ دینے پر تنظیم کی توجہ پر زور دیا۔

بقیہ نمبر 20

کے اندر مین ہولز کورز فراہم کرنے اور لگانے کا پابند ہوگا اور متعلقہ ایگزیکٹو انجینئر مین ہولز کورز لگانے کی رپورٹ سپرینٹنڈنگ اور چیف انجینئر سیوریج کے پاس جمع کروانے کا پابند ہوگا اور مین ہولز کورز لگانے کے حوالے سے اسٹیٹس کو اپ ڈیٹ کرنے کے لیے ہیلپ لائن کے عملے کو بھی مطلع کرے گا مزید برآں مذکورہ بالا ایس او پیز کو بغیر کسی معقول یا جواز کے سبب تعمیل نہ کرنا یا ناکامی کی صورت میں متعلقہ ایگزیکٹو انجینئر ذمہ دار ہوگا واٹر کارپوریشن حکام کے مطابق مذکورہ بالا ایس او پیز عوام کے بہترین مفاد میں جاری کی گئیں ہیں تاکہ درج شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کر کے سیوریج کے نظام کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔

بقیہ نمبر 21

پیدا ہو گیا ہے جس سے روئی کی فی من قیمت 20 ہزار روپے کے ساتھ کاٹن ایئر 25۔ 2024 کی بلند ترین سطح تک پہنچ گئی ہے۔ جبکہ درآمدی روئی اور دھاگے پر سیلز ٹیکس کی چھوٹ بحال رکھنے یا نہ رکھنے سے متعلق ایف بی آر نے 13 جنوری کو اجلاس طلب کر لیا ہے۔ چیئرمین کاٹن جنرز فورم احسان الحق نے بتایا کہ روئی درآمدی کنندگان کی جانب سے پیشگی کیے گئے معاہدوں کی حامل روئی اگرچہ پاکستان پہنچ گئی ہے لیکن نئے درآمدی معاہدوں کے تحت روئی کی پاکستان میں مارچ سے مئی تک پہنچنے کی اطلاعات ہیں۔ جس کے باعث ٹیکسٹائل ملز کی جانب سے اندرون ملک روئی خریداری میں ریکارڈ اضافے کے باعث روئی کی قیمتوں میں زبردست تیزی کا رجحان دیکھا جا رہا ہے جس کے دوران ایک ماہ کی موخر ادائیگی پر روئی کی قیمتیں جاری سیزن کی بلند ترین سطح بیس ہزار روپے فی من تک جبکہ روٹین ادائیگی میں انیس ہزار سے انیس ہزار 500 روپے فی من تک پہنچ گئی ہیں جبکہ ان میں مزید تیزی کا رجحان بھی متوقع ہے۔ انہوں نے بتایا رواں سال کپاس کی مجموعی ملکی پیداوار ہدف کے مقابلے میں اکاون فیصد جبکہ پچھلے سال کے مقابلے میں 32 فیصد کم ہونے لیکن ملز کو بڑی مقدار میں ٹیکسٹائل پراڈکٹس کے برآمدی آرڈرز ملنے کے باعث روئی کی قیمتوں میں تیزی کا رجحان دیکھا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 22

اداروں کے آئی ٹی اور آئی ٹی سیکیورٹی پروفیشنلز کے انٹرویوز سے مرتب کی گئی ہے۔ یہ سروے یورپ کے 27 ممالک، ایشیا پیسیفک ریجن، لاطینی امریکہ، شمالی امریکہ، مشرق وسطی، ترکی اور میٹا ریجن بشمول پاکستان میں کیا گیا۔ ڈیٹا کا تحفظ ایک اہم تشویش ہے جس کا اظہار عالمی سطح پر 33 فیصد کمپنیوں اور پاکستان میں 61 فیصد کاروباری اداروں نے کیا۔

بقیہ نمبر 23

امتحانات 2025 کے نصاب میں کوئی کمی نہیں کی گئی ہے اور نہ ہی حتمی نصاب میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی۔ تمام الحاق شدہ اداروں، اساتذہ اور طلبا کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ مکمل مقررہ نصاب پر عمل کریں تاکہ بغیر کسی رکاوٹ کے تعلیمی تیاری اور ZUEB کے رہنما خطوط کی پابندی کو یقینی بنایا جا سکے۔ ضیاالدین یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ کے سالانہ امتحانات 2025 کے شیڈول کا اعلان جلد کیا جائے گا۔ انٹر بورڈ کوآرڈینیشن کمیشن کی قرارداد کے مطابق، ZUEB جولائی 2025 کے آخر تک نتائج کا اعلان کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ نمبر 24

ساتھ ساتھ علاقائی اور بین الاقوامی تزویراتی مسائل میں تعاون کو بڑھانا ہے۔ ایم او یو پر ڈائریکٹر جنرل، آئی ایس ایس آئی ایمبسڈر سہیل محمود اور سینٹر فار انٹرنیشنل اسٹریٹجک اسٹڈیز کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر عاصمہ شاکر خواجہ نے دستخط کیے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ایمبسڈر سہیل محمود نے اس بات پر زور دیا کہ یہ ادارہ جاتی شراکت قومی اہمیت کے مسائل کو اجاگر کرنے اور مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل پر قومی بیانیے کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے تحقیقی کام میں سینٹر فار انٹرنیشنل اسٹریٹجک اسٹڈیز، آزاد جموں وکشمیر کی شاندار کارکردگی کی تعریف کی اور قومی سلامتی کے اہم موضوعات پر ادارے کی فعالیت کا اعتراف کیا۔ "یہ ایم او یو ہمارے تعاون میں ایک نئے باب کی نشاندہی کرتا ہے، "ایمبسڈر سہیل محمود نے کہا۔ انہوں نے ہندوستان کے طرز عمل پر تحقیقی اور علمی کام کی اہمیت پر بھی زور دیا، موضوع کے اندرونی و بیرونی محرکات، عوامی شعور اور بیداری کے ساتھ ساتھ باخبر پالیسی سازی کے لیے دونوں تھنک ٹینکس کے درمیان شراکت پاکستان کی پالیسیوں اور اقدامات کو علاقائی اور بین الاقوامی سامعین کے سامنے صحیح تناظر میں پیش کرنے کے لیے صلاحیت و وسائل میں اضافے کا ذریعہ ہے۔ ڈاکٹر عاصمہ شاکر خواجہ نے مفاہمت نامے کے فریم ورک کے اندر آئی ایس ایس آئی کے ساتھ بہتر تعاون کے امکانات کا پرتپاک خیر مقدم کیا۔ انہوں نے سینٹر فار انٹرنیشنل اسٹریٹجک اسٹڈیز، آزاد جموں وکشمیر کی کئی کتابوں کو متعارف کروایا اور دونوں اداروں کے درمیان باہمی تحقیقی دلچسپی کے شعبوں پر زور دیا، بشمول ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز اور جموں وکشمیر کا تنازع۔ انہوں نے قومی سلامتی کو متاثر کرنے والے مسائل پر مشترکہ علمی تحقیق کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ کشمیریوں بالخصوص کشمیری نوجوانوں کی مقامی آوازوں کو شامل کرنا مناسب ہوگا۔ اس سلسلے میں، انہوں نے رائے دی کہ آئی ایس ایس آئی اور سینٹر فار انٹرنیشنل اسٹریٹجک اسٹڈیز، آزاد جموں وکشمیر کے درمیان تعاون فیصلہ سازوں تک پہنچنے میں مؤثر ثابت ہو سکتا ہے اور اہم چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے متحد کوششوں کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے نتیجہ اخذ کیا۔ قبل ازیں، ڈائریکٹر انڈیا اسٹڈی سینٹر آئی ایس ایس آئی ڈاکٹر خرم عباس نے شرکا کو آئی ایس ایس آئی اور اس کے پانچ مراکز کے بارے میں آگاہ کیا۔ محترمہ طیبہ خورشید، ریسرچ آفیسر، نے سینٹر فار انٹرنیشنل اسٹریٹجک اسٹڈیز، آزاد جموں و کشمیر کے مشن، آؤٹ ریچ، پبلیکیشنز، اور صلاحیت بڑھانے کی کوششوں کا خاکہ پیش کیا۔ ایونٹ کا اختتام دونوں ٹیموں کی طرف سے سفارشات کے ایک سلسلے اور عزم کے ساتھ ہوا۔

بقیہ نمبر 25

بھٹو نے کہا کہ حکمرانوں کا بجٹ بنانے سے لیکر بجلی، گیس اور پٹرول قیمتوں میں رد و بدل کے لیے بھی آئی ایم ایف کی منظوری سے مشروط کرنا بدترین غلامی ہے۔ جو وزیراعظم بجلی کی قیمتوں میں کمی کے لیے بھی ائی ایم ایف کے پاس جانے کا عندیہ دے وہ ملک و قوم کو مہنگائی سودی معیشت سمیت درپیش مسائل اور بحرانوں سے کیسے نکال سکتا ہے یہ ان کی فارم 47 کے تحت قوم پر مسلط کئے جانے کی دلیل ہے۔ پی ٹی آئی اور حکومت مذاکرات کے نام پر کمیٹی کمیٹی کھلنے کی بجائے دونوں ایک دوسرے کے ساتھ مل بیٹھ کر ملک کو آگے بڑھانے کے لیے حل تلاش کریں۔ فوجی عدالتوں میں سولین کا ٹرائل جمہوریت کی نفی اور جمہوریت کی دعویدار پارٹیوں کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔ بالائی سندھ میں اغوا، ڈکیتی اور قبائلی تصادم کی وجہ سے لوگ عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ عوام کا کوئی پرسان حال نہیں حکومت خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ اس لیے جماعت اسلامی نے اتوار کو اے پی سی طلب کی ہے تاکہ سیاسی جماعتیں امن کی بحالی کے لیے کوئی لائحہ عمل مرتب کریں اور عوام کوئی سکھ کا سانس لیں۔ شیعہ علما کونسل سندھ کے صدر علامہ سید اسعد اقبال زیدی کا کہنا تھا کہ معاشرے میں امن سازی کے لیے ضروری ہے کہ جو بھی امن قائم کرنے کے لیے جس انداز سے بھی قدم اٹھاتا ہے ہمیں ان کا بھرپور ساتھ دینا چاہئے کیونکہ وہ کسی ایک فرد نہیں بلکہ پورے معاشرے کے لیے امن ہوگا۔ ایم ڈبلیو ایم کے صوبائی صدر علامہ سید باقر عباس زیدی نے کہا کہ پورا سندھ بے امنی خاص طور پر بالائی سندھ لاڑکانہ و سکھر ڈویژن میں امن و امان کی صورتحال تشویشناک ہے حکومت کو شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اور ڈاکو راج کے خاتمے کے لیے اقدامات کرنے چاہئیں۔ اقلیتی رہنما ایڈووکیٹ یونس سوہن نے کہا کہ امن کے لیے جماعت اسلامی کی کاوشیں قابل قدر ہیں پورا سندھ بدامنی کا شکار خاص طور پر کاروبار سے وابستہ ہندو برادری سخت متاثر ہیں سنگرار سکھر کے علاقے سے معصوم بچی پریا کمار ساڑھے تین سال سے لاپتہ ہے حکومت بازیابی میں ناکام ہے کئی ہندو خاندان اپنے آبائی گھر و کاروبار چھوڑ کر مجبورا بھارت ہجرت کر گئے۔

بقیہ نمبر 26

انسپکٹر جنرل کراچی، سندھ پولیس، جاوید عالم اوڈھو نے فیڈریشن ہاؤس کا تفصیلی دورہ کیا ہے؛ تاکہ کاروباری، صنعتی اور تاجر برادری کے سوالات کے جوابات دیئے جا سکیں اور ان کی شکایات کا ازالہ کیا جا سکے۔ صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ نے مطلع کیا کہ ایڈیشنل آئی جی نے موقع پر ہی بہت سے مسائل فوری حل کر دیئے اور بہت سے مسائل کے ٹھوس حل کے لیے فولو اپ میکنزم کے بارے میں بتا دیا۔ صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ نے یہ بھی بتایا کہ ایڈیشنل آئی جی نے ایف پی سی سی آئی کو گزشتہ چند ماہ کے دوران سندھ پولیس کی کارکردگی پر بریفنگ دی ہے؛ جو کہ واضح طور پر کراچی میں جرائم کی شرح میں کمی کو ظاہر کر رہی ہے۔ اس کے باوجود، انہوں نے یہ اعتراف کیا کہ سرمایہ کاروں کے اعتماد کو مکمل طور پر بحال کرنے کے لیے مزید بہت کچھ کرنے کی ضرورت ہے۔ عاطف اکرام شیخ نے سندھ پولیس کے شہداء اور غازیوں کو خراج تحسین پیش کیا؛ جو روزانہ کی بنیاد پر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں اور میڈیا کراچی اور سندھ کے سافٹ امیج کو دنیا کے سامنے پیش کرنے میں بہت اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ بطور خاص سندھ پولیس کی جانب سے پیش کی جانے والی قربانیوں کو اجاگر کرنا چاہیے۔ اس موقع پر سنیئر نائب صدر ایف پی سی سی آئی ثاقب فیاض مگوں نے تجویز پیش کی کہ ایف پی سی سی آئی کو ایف آئی آرز اور پولیس شکایات کے اندراج کے لیے آن لائن ایف آئی آر پورٹل تک رسائی دی جا سکتی ہے؛ تاکہ، تاجر برادری کے لیے ان کے مسائل کے جلد از جلد ازالے اور حل کے لیے راہیں ہموار ہو سکیں۔ در حقیقت، ڈیجیٹل رسائی کو آسان بنانے سے قانون نافذ کرنے والے اداروں تک رسائی بہت بہتر ہو سکتی ہے۔ انہوں نے صوبہ سندھ کی مارکیٹنگ، پراجیکشن اور دنیا بھر کے لیے اسے سرمایہ کاری کے لیے دوستانہ مقام بنانے کے حوالے سے مشترکہ سیمینار کی تجویز بھی دی۔ نائب صدور ایف پی سی سی آئی، امان پراچہ، آصف سخی اور عبدالمہیمن خان نے کاروباری برادری کو درپیش سیکیورٹی، ٹرانسپورٹیشن، بندرگاہوں، علاقائی، صوبائی اور بین الصوبائی امن و امان کے مسائل پر تبادلہ خیال کیا؛ جن کو اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ بہتر کوآرڈینیشن، رابطہ اور مشاورت کے ذریعے حل کیا جا سکتا ہے۔ اے آئی جی سندھ پولیس جاوید عالم اوڈھو نے ممتاز صنعتکاروں کی اس موقع پر موجود بڑی تعداد کو ای ٹیگنگ، فیشل ریکگنیشن کیمروں، سیف سٹی اور دنیا کے دیگر ترقی یافتہ صنعتی شہروں کی طرز پر دیگر تکنیکی اقدامات سے آگاہ کیا۔ مزید برآں، ہزاروں پولیس اہلکاروں کو میرٹ پر بھرتی کیا جا رہا ہے اور وہ اس وقت بھرتی کے عمل کے مختلف مراحل میں موجود ہیں۔ ایڈیشنل آئی جی کراچی، سندھ پولیس، جاوید عالم اوڈھو، نے بتایا کہ اس سال کراچی سیف سٹی کی جانب بڑے اقدامات پر عمل درآمد کیا جائے گا اور پولیس جرائم کو کم کرنے اور کنٹرول کرنے کے لیے بڑے پیمانے پر GPS اور سیلولر ڈیٹا کا استعمال کر رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہمیں پولیس فورس پر بوجھ کو کم کرنے اور اس کے آپریشنز میں درستگی کو بڑھانے کے لیے ٹیکنالوجی کا استعمال بڑھانا ہوگا۔ اجلاس کے دوران فیصلہ کیا گیا کہ ایف پی سی سی آئی کی قائمہ کمیٹی برائے امن و امان کے سندھ ریجن کے کنوینر اکرام راجپوت کو ایف پی سی سی آئی کی جانب سے فوکل پرسن کے طور پر نامزد کیا جائے گا تاکہ وہ سندھ پولیس کی اعلی کمان تک کاروباری برادری کی شکایات اور مسائل پہنچا کر ان کے تیز اور تسلی بخش حل ممکن بنا سکیں۔

بقیہ نمبر 27

تمام کاپیوں کی دوبارہ چیکنگ کی جائے، کراچی کے بچوں کو فوری طور پر انصاف فراہم کیا جائے۔۔ کراچی کے نوجوانوں کو میرٹ پر داخلے دیئے جائیں،

بقیہ نمبر 28

گاہ جامعہ عثمانیہ کا 40 واں سالانہ جلسہ دستار فضیلت و 17 ویں تقریب ختم بخاری شریف 12 جنوری بروز اتوار بعد نماز مغرب جامع مسجد طور جامعہ عثمانیہ شیر شاہ میں منعقد ہوگی۔ مولانا عظیم اللہ عثمان کے مطابق تقریب میں مختلف شعبہ جات سے سند فراغت حاصل کرنے والے 153 طلبہ کرام کی دستار بندی ہوگی۔ بخاری شریف کی آخری حدیث کا درس جامعہ حقانیہ اکوڑہ خٹک کے شیخ الحدیث مولانا شیخ محمد ادریس اپنے مخصوص انداز میں دینگے۔ مولانا عظیم اللہ عثمان کے مطابق تقریب میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سمیت جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کے ناظم اعلی مولانا سلمان الحق حقانی اور ایس ایس پی ضلع کیماڑی کیپٹن فیضان علی بھی خصوصی شرکت کریں گے، جبکہ میئر کراچی بیرسٹر مرتضی وہاب کی آمد بھی متوقع ہے۔ مولانا عظیم اللہ عثمان کے مطابق تقریب میں جامعہ عثمانیہ کے شعبہ حفاظ ایجوکیشن سسٹم کے ننھے طلبہ عربی و انگلش میں تکلم اور منفرد خاکے بھی پیش کریں گے۔ اب تک جامعہ عثمانیہ شیر شاہ کے مختلف شعبہ جات سے سند فراغت حاصل کرنے والے طلبہ کرام کی تعداد 24 ہزار سے متجاوز ہے۔

بقیہ نمبر 29

جسٹس شاہد بلال حسن شامل ہیں۔ جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ ملٹری کورٹس میں ٹرائل کے طریقہ کار پر مطمئن کریں۔ جسٹس مسرت ہلالی نے ریمارکس دیے کہ جو افسر ٹرائل چلاتا ہے کورٹ میں وہ خود فیصلہ نہیں سناتا، ٹرائل چلانے والا افسر دوسرے بڑے افسر کو کیس بھیجتا ہے وہ فیصلہ سناتا ہے، جس آفیسر نے ٹرائل سنا ہی نہیں وہ کیسے فیصلہ دیتا ہوگا۔ جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ مجھے 34 سال اس شعبے میں ہو گئے مگر پھر بھی خود کو مکمل نہیں سمجھتا، کیا اس آرمی افسر کو اتنا تجربہ اور عبور ہوتا ہے کہ سزائے موت تک سنا دی جاتی ہے۔ وکیل خواجہ حارث نے کہا کہ ملٹری ٹرائل کے طریقہ کار کو دلائل کے دوسرے حصے میں مکمل بیان کروں گا۔ جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ آرمی ایکٹ کا اطلاق صرف فوج پر ہوتا ہے، فوجی افسران کو بنیادی حقوق اور انصاف ملتے ہیں یا نہیں ہم سب کو مدنظر رکھیں گے۔ جسٹس مسرت ہلالی نے سوال اٹھایا کہ اس نکتے پر بھی وضاحت کریں کہ فوجی عدالت میں فیصلہ کون لکھتا ہے؟ میری معلومات کے مطابق کیس کوئی اور سنتا ہے اور سزا جزا کا فیصلہ کمانڈنگ افسر کرتا ہے، جس نے مقدمہ سنا ہی نہیں وہ سزا جزا کا فیصلہ کیسے کر سکتا ہے؟ وکیل وزارت دفاع نے کہا کہ فیصلہ لکھنے کے لیے جیک برانچ کی معاونت حاصل ہوتی ہے۔ جسٹس مسرت ہلالی نے کہا کہ خواجہ صاحب آپ نے کوئی مثال دی تھی کہ امریکا میں بھی فوجی ٹرائل ہوئے، اگر کسی اور ملک میں ایسا ٹرائل ہوتا ہے تو جج کون ہوتا ہے؟ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ پوری دنیا میں کورٹ مارشل میں آفیسر ہی بیٹھتے ہیں۔ وکیل خواجہ حارث نے جواب دیا کہ کورٹ مارشل میں بیٹھنے والے افسران کو ٹرائل کا تجربہ حاصل ہوتا ہے۔ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ جج صاحبہ پوچھ رہی ہیں کیا ان افسران کی قانونی قابلیت بھی ہوتی ہے؟ جسٹس مسرت ہلالی نے ریمارکس میں کہا کہ اگر اجازت ہو تو میں خود سوال پوچھ لوں؟ ایک آرمی چیف کے طیارے کو ایئرپورٹ کی لائٹس بجھا کر کہا گیا ملک چھوڑ دو، اس واقعے میں تمام مسافروں کو خطرے میں ڈالا گیا۔ خواجہ حارث نے کہا کہ جو بندہ جہاز میں موجود نہیں تھا وہ ہائی جیک کیسے کر سکتا تھا؟ جسٹس مسرت ہلالی نے کہا کہ اس جہاز میں تھوڑا سا ایندھن باقی تھا پھر بھی رسک پر ڈالا گیا۔ خواجہ حارث نے دلائل میں کہا کہ میں یہاں سیاسی بات نہیں کروں گا مگر بعد میں سپریم کورٹ نے جائزہ لیا تھا، سپریم کورٹ نے تسلیم کیا تھا جہاز میں کافی ایندھن باقی تھا۔ جسٹس مسرت ہلالی نے ریمارکس دیے کہ اس ایک واقعے کے باعث ملک میں مارشل لاء لگ گیا لیکن مارشل لا کے بعد بھی وہ ٹرائل فوجی عدالت میں نہیں چلا۔ وکیل خواجہ حارث نے بتایا کہ ہائی جیکنگ آرمی ایکٹ میں درج جرم نہیں، اسی لیے وہ ٹرائل فوجی عدالت میں نہیں چل سکتا تھا۔ جسٹس امین الدین خان نے ریمارکس دیے کہ چلیں اس نکتے پر فرق واضح ہو گیا آگے چلیں۔ جسٹس مسرت ہلالی نے کہا کہ ٹھہریں ایک سوال اور اس میں بنتا ہے، اگر ہائی جیک جنگی یا فوجی طیارے کو کیا جائے پھر ٹرائل کہاں چلے گا؟ ایڈیشنل اٹارنی جنرل عامر رحمان نے کہا کہ نو مئی واقعات میں کل ملزمان پانچ ہزار کے قریب تھے، جن 105 ملزمان کو فوجی عدالتوں میں لے کر جایا گیا ان کی جائے وقوعہ پر موجودگی کے ٹھوس شواہد ہیں۔ وکیل خواجہ حارث نے کہا کہ آرمی ایکٹ صرف ان افراد پر لاگو ہوتا ہے جو آفیشل سیکریٹ ایکٹ کی خلاف ورزی کے مرتکب ہوئے ہوں، ہر دہشتگرد پر بھی آرمی ایکٹ کا اطلاق نہیں ہوتا۔ جسٹس مسرت ہلالی نے استفسار کیا کہ کیا فوجی عدالتوں نے ٹرائل انہی ایف آئی آرز کی روشنی میں کیا جو تھانوں میں درج ہوئی تھیں؟ تعزیرات پاکستان اور اے ٹی اے کے تحت درج مقدمات پر کارروائی فوجی عدالت کیسے کر سکتی؟ جو تین ایف آئی آرز کی کاپی ہمیں دی گئی ہے ان میں آفیشل سیکریٹ ایکٹ کی دفعات نہیں ہیں۔ وکیل خواجہ حارث نے کہا کہ تفتیش کے بعد مزید دفعات شامل کی جا سکتی ہیں۔ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ مزید دفعات شامل کرنے کا الگ سے طریقہ کار موجود ہے، کیا پولیس تفتیش پر ہی انحصار کیا گیا تھا؟ خواجہ حارث نے بتایا کہ جب ملزم فوجی تحویل میں جائے تو وہاں تفتیش کا اپنا نظام ہے۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے کہا کہ عدالت کو صرف تین مقدمات پیش کیے ہیں، مجموعی طور پر 9 مئی کے 35 ایف آئی آرز اور 5 ہزار ملزمان ہیں۔ فوجی عدالتوں میں صرف ان 105 افراد کا ٹرائل ہوا جن کی موجودگی ثابت تھی۔ سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے ملٹری کورٹس کیس کی سماعت پیر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ نمبر 30

ایڈمرل اویس احمد بلگرامی نے تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس تقریب کا انعقاد ہر سال کملاگ کمانڈ کے مقاصد کے حصول میں ملازمین اور یونٹس کی کوششوں کو سراہنے کے لیے کیا جاتا ہے۔ وائس چیف آف دی نیول اسٹاف نے اپنے خطاب میں اس بات پر زور دیا کہ انتھک محنت، مضبوط عزم اور غیر متزلزل جذبہ پاکستان نیوی ڈاکیارڈ کا طرہ امتیاز ہے۔ انہوں نے انعامات حاصل کرنے والوں کو مبارکباد دی اور اسی طرح محنت اور لگن سے کام جاری رکھنے کی ہدایت کی۔ قبل ازیں، اپنے خطبہ استقبالیہ میں کمانڈر لاجسٹکس، ریئر ایڈمرل محمد سہیل ارشد نے سال کے دوران کملاگ کمانڈ کی آپریشنل کامیابیوں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ کملاگ کمانڈ نے چیلنجز کے باوجود کامیابی سے اپنے تمام اہداف حاصل کیے۔ مزید برآں، کمانڈر لاجسٹکس نے کہا کہ پیشہ ورانہ مہارت کملاگ کمانڈ کی پہچان رہی ہے اور ہمیشہ رہے گی۔ تقریب کے دوران مہمان خصوصی نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افراد اور یونٹس کو ایوارڈز سے نوازا۔ تقریب میں کملاگ کمانڈ کے سینئر حاضر سروس اور ریٹائرڈ ٹیکنیکل برانچ آفیسرز، سی پی اوز / سیلرز اور نیوی سویلینز کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 31

پرواز کی بحالی کے اعلان کو سراہا جا رہا ہے تاہم اس کا اشتہار سوشل میڈیا صارفین کو ایک آنکھ نہ بھایا۔ پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز) پی آئی اے (نے اسلام آباد سے پیرس کے لیے پروازیں دوبارہ شروع کر دی ہیں جس کا اعلان ایک پوسٹ کے ساتھ کیا گیا۔ اس پوسٹ کے وائرل ہوتے ہی سوشل میڈیا پر ملا جلا ردعمل دیکھنے میں آیا کسی نے تعریف نے تو کسی نے ٹرولنگ کا نشانہ بنایا۔ پی آئی اے کی پیرس کے لیے پرواز کی پوسٹ ٹوئٹر پر دلچسپ میمز بھی بنائی گئیں۔ صارفین نے مزے مزے کے تبصرے بھی کیے۔ قومی ایئرلائن کے اس اشتہار میں پی آئی اے کے طیارے کو ایفل ٹاور کی طرف اڑتے ہوئے دکھایا گیا ہے جس کے پس منظر میں پیرس کا جھنڈا کی ہلکی سی جھلک بھی ہے۔ تاہم جھنڈے کا سرخ رنگ قدرے نمایاں ہے اور اسی حصے میں طیارہ ایفل ٹاور کی جانب اڑتا دکھائی دے رہی ہے جیسے کسی بھی وقت ٹاور سے ٹکرا جائے گا۔ صارفین نے اس پوسٹ پر گرافک ڈیزائنر کے تصویر کے انتخاب اور الفاظ پر برہمی کا اظہار بھی کیا۔ کچھ صارفی نے تو طیارے کے ایفل ٹاور کے اتنے نزدیک ہونے کو نائن الیون حملے کی تصاویر سے جوڑ دیا تو کسی نے مارکیٹنگ ٹیم کو فارغ کرنے کا مطالبہ کیا۔

بقیہ نمبر 32

مریم نواز کا کہنا تھا کہ ترک وفد کو خوش آمدید کہتی ہوں، تعلیمی میدان میں ترکیہ کے تعاون کی مشکور ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات ہیں، دونوں ممالک کے وقت گزرنے کے ساتھ تعلقات مضبوط ہو رہے ہیں۔ مریم نواز کا مزید کہنا تھا کہ رجب طیب اردوان پاکستان کے بہترین دوست ہیں، تعلیم کے شعبے میں ترکیہ کیساتھ شراکت داری چاہتے ہیں۔ قبل ازیں وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف نے ملتان یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کا دورہ کیا اور گرلز ہاسٹل کا سنگ بنیاد رکھ دیا، گرلز ہاسٹل میں رہائشی کمروں کی تعداد 119 ہوگی، گرلز ہاسٹل میں میس ہال، جمز یم، تفریحی لانج اور 5 دفاتر بھی ہوں گے۔ دوسری جانب وزیراعلی مریم نواز شریف نے ملتان یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے مختلف شعبوں کا معائنہ بھی کیا اور مسٹ یونیورسٹی میں جدید گوگل کلاس رومز، ڈیجیٹل لائبریری کا بھی وزٹ کیا۔

بقیہ نمبر 33

، سی ای او پی آئی اے ایئر وائس مارشل عامر حیات اور فرانسیسی سفارت خانے کے حکام بھی شریک تھے۔ وزیر دفاع و ہوابازی خواجہ آصف نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فرانس، اٹلی، ناروے اور اسپین میں پاکستانیوں کی بڑی تعداد آباد ہے۔ اب سبز ہلالی پرچم یورپ کی فضاوں میں لہرائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پی آئی اے کو زیادہ دیر نہیں لگے گی۔ کوشش کریں گے جلد نجکاری ہو جائے اور دیگر کمرشل ائرلائنز کی طرح مقابلہ ہوافتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پی آئی اے سول ایوی ایشن نے محنت کی اور یورپ کی فلائٹ کو ممکن بنایا۔ میں یورپی یونین کے ایوی ایشن کے تمام عہدے داروں کا شکر گزار ہوں۔ انہوں نے ہمارے معیار کو جانچا۔ ہم نے ساڑھے 4 سال میں کئی سو ارب کا نقصان اٹھایا۔ پی آئی اے پر 800 ارب کا قرض ہے جب کہ منافع بخش روٹس بھی بند ہیں۔ خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ سابق وزیر ہوابازی کے بیان نے تباہی مچا کر رکھ دی تھی۔ ساڑھے 4 سال تک پاکستانی باہر سے مہنگا سفر کرنے پر مجبور تھے۔ ہمیں عالمی معیار پر پورا اترنے پر فخر ہے۔ جلد برطانیہ کے لیے فلائٹ آپریشن کا آغاز بھی کریں گے۔

بقیہ نمبر 34

کے ساتھ ساتھ معصوم شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ میں بھی ملوث تھے۔ علاقے میں پائے جانے والے کسی اور خارجی کو ختم کرنے کے لیے سینیٹائزیشن آپریشن کیا جا رہا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستان کی سیکیورٹی فورسز ملک سے دہشت گردی کی لعنت کو ختم کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ نمبر 35

پرائیویٹ عازمین حج کی بکنگ کریں۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ اضافی سہولیات کے باعث 30 لاکھ سے زائد حج پیکیج "حج پالیسی فامولیشن کمیٹی " سے منظور کروانا ہوگا، حج منظم کو 30 لاکھ سے زائد حج پیکیج کی منظوری کے وقت مکمل تفصیل فراہم کرنا لازمی ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ 3 ملین سے زائد حج پیکیج بیچنے اور خریدنے والوں کے کوائف ایف بی آر اور متعلقہ اداروں کے ساتھ شیئر کیے جائیں گے۔ ترجمان وزارت مذہبی امور نے بتایا کہ نجی عازمین حج بکنگ کرواتے وقت وزارت کی ویب سائٹ اور موبائل ایپ "پاک حج " سے لازمی تصدیق کر لیں، پیسوں کا لین دین صرف کمپنی کے بینک اکاؤنٹ کے ذریعے کریں اور سہولیات کا معاہدہ لازمی طلب کریں۔ انہوں نے شہریوں کو ہدایت کی کہ نجی عازمین حج بکنگ کرواتے وقت حج پیکیج کی سہولیات کو اچھی طرح سمجھ لیں۔

بقیہ نمبر 36

ان کے وقت میں 13 فیصد تھی۔ شیخ وقاص اکرم نے کہا کہ ہمارے دور میں 31 ارب جبکہ 2024 میں 26 ارب کی برآمدات ایکسپورٹ ہوئی ہیں، 2022 میں غربت کی شرح 35 فیصد تھی جبکہ ان کے دور میں 44 فیصد ہے۔ انہوں نے کہا کہ شرح سود بھی ان کے دور میں بڑھ گئی ہے، 408 ارب سے زیادہ یہ خسارے میں جا رہے ہیں، ان کے دور میں پی آئی اے سمیت سارے ادارے خسارے میں جا رہے ہیں۔ پی ٹی آئی کے سیکریٹری اطلاعات نے کہا کہ قوم کے اداروں کو انہوں نے اپنے پاں پر کھڑا نہیں کیا، بنیادی صحت یونٹس کو مریم نے اپنے نام سے منسوب کر دیے ہیں، کالج اور یونیورسٹی سب اپنے خاندان سے منسوب کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 103 بیماریوں کا علاج صحت کارڈ سے کے پی میں ہو رہا ہے، مریم نواز نے ہر بیماری کا علیحدہ علیحدہ کارڈ شروع کر دیا ہے۔ شیخ وقاص اکرم کا کہنا تھا کہ کسان دشمنی کی پالیسی پنجاب میں چل رہی ہے، پی ٹی آئی نے مرغیوں کا پروگرام شروع کیا تو یہ مذاق اڑانے لگے اور اب یہ لوگ خود مذاق بن گئے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ان کے وزیر خزانہ نے کہا کہ ڈیڑھ لاکھ نوکریاں ختم کر رہے ہیں، یہ لوگوں کو دھوکا دے رہے ہیں کیونکہ وہ سیٹیں تو پہلے سے خالی پڑی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں کو جھوٹ بول کر کہتے ہیں کہ حکومت بوجھ کم کر رہی ہے۔ مزمل اسلم نے کہا کہ پاکستان میں تبدیلی پہلے لاہور سے ہوتی تھی اب پشاور سے ہوتی ہے، بانی پی ٹی آئی نے جب کہا ملک کا قرض اتاریں گے تو یہ مذاق اڑاتے رہے، 725 کے پی کا مجموعی قرض ہے، اتنا قرض شہباز نے صرف ایک ہفتے میں لیا، ہمارے دفاتر سے اب پنجاب والے پوچھ رہے ہیں کہ کیسے ہم نے معیشت کو بہتر کیا، ہم نے قرض اتارنے کے لئے الگ سسٹم شروع کیا۔ مزمل اسلم نے کہا کہ اشیا خوردونوش سمیت دیگر اشیا کی قیمتوں میں کئی گناہ اضافہ ہوا آٹا کی 36 فیصد قیمت کو جبرا کم کیا گیا، آٹے کی جبرا قیمت کم کرنے سے انہیں مستقبل میں نقصان ہوگا، 18 لاکھ لوگ پاکستان سے باہر چلے گئی، انہوں نے 18 لاکھ لوگوں کو مجبور کیا کہ یہاں سے چلے جائیں، اسٹاک ایکسچینج 52 ہزار پوائنٹس بڑھی ہے، اسٹاک مارکیٹ 5 سو میں سے 5 کمپنیوں کی وجہ سے بڑھی ہے، دو کمپنیوں نے عوام کا خون چوسا۔

بقیہ نمبر 37

اور زندگی کی حقیقتوں پر گہری سوچ کی عکاس ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پاکستان پیپلز پارٹی کے اصولوں کے ساتھ مخدوم طالب المولی کی ثابت قدمی کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ان کی جدوجہد قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے شانہ بشانہ جمہوریت کی بحالی اور استحکام کے لیے بے مثال رہی۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج ہم مخدوم محمد الزمان طالب المولی کی شاندار قربانیوں اور خدمات کو یاد کرتے ہوئے جمہوری اقدار کے لیے ان کی انتھک جدوجہد اور ان کی دانشمندی سے رہنمائی حاصل کرتے ہیں۔ ان کی میراث آج بھی ہمیں رہنمائی اور تحریک فراہم کرتی ہے۔

بقیہ نمبر 38

کہ کنوئیں سے یومیہ گیس کا حصول 950 پاؤنڈ فی مربع انچ کے ساتھ ہو رہا ہے۔ خط کے مطابق کوٹری سے گیس پیداوار میں پاکستان پیٹرولیم، یونائیٹڈ انرجی پاکستان لمیٹڈ اور ایشیا ریسورسز آئل لمیٹڈ کے مشترکہ شیئرز ہیں۔ خط میں بتایا گیا ہے کہ کوٹری میں ٹکری ون کنوئیں سے ملنے والی گیس کو علی آباد پراسیسنگ پلانٹ سے سوئی سدرن سسٹم میں شامل کیا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 39

میں مختلف حادثات میں 22 افراد جان سے گئے جبکہ 261 زخمی ہوئے۔ نئے سال کے ان 10 دنوں میں ٹینکر کی ٹکر سے 5 افراد، ٹریکٹر ٹرالی اور ٹریلر کی ٹکر سے 2 افراد جبکہ بسوں کی ٹکر سے 3 افراد جان سے گئے۔

بقیہ نمبر 40

کے مطابق مذکورہ آپریشنز کے لیے محفوظ نیٹ ورک کنکشن کی ضرورت ہوتی ہے، جسے یقینی بنانے کے لیے وی پی این کا استعمال ضروری ہے۔ اسٹیٹ بینک نے مزید کہا ہے کہ تمام کمپنیز کو وی پی این کے استعمال میں دیے گئے قواعد و ضوابط کی مکمل پابندی کرنا ہوگی تاکہ نیٹ ورک سیکیورٹی اور ڈیٹا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ نمبر 41

ترجمان کے مطابق گیس بندش سے متاثر ہونے والے علاقوں میں گارڈن، جمشید روڈ، پی ای سی ایچ ایس، لائنز ایریا اور اطراف کے علاقے شامل ہیں۔ اس سلسلے میں صارفین کو درپیش آنے والی تکالیف کے لیے ادارہ معذرت خواہ ہے۔

بقیہ نمبر 42

مقدمات میں نامزد ملزمان عمر ایوب، ملک احمد خان بھچر، عالیہ حمزہ، صنم جاوید اور بلال اعجاز چٹھہ کی جانب سے ان کے وکلا نے حاضری معافی کی درخواست دی، وکلا صفائی نے ملزمان کی بریت کی درخواست پر بحث مکمل کر لی۔ بعدازاں عدالت نے ملزمان کی حاضری معافی کی درخواست منظور کر لی، عدالت نے آئندہ سماعت پر ملزمان کی حاضری یقینی بنانے کا حکم دیتے ہوئے کیس کی مزید سماعت 17 جنوری تک ملتوی کر دی۔

بقیہ نمبر 43

سازشیں کرتی رہی، یہ جماعت پاکستان دشمن عناصر کا اثاثہ اور ملک دشمن لابیوں کی آلہ کار بنی ہوئی ہے، تحریک انصاف نے پاکستان کو مغرب میں نیچے گرانا چاہا۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت ملکی معیشت درست کرنے کے لئے اقدامات اٹھا رہی ہے، ہمارے آنے کے بعد دنیا بھر میں اب پاکستانی معیشت مستحکم ہونے کے چرچے ہیں، اعداد و شمار کے مطابق رواں سال ملک میں 30 فیصد زیادہ ترسیلات ریکارڈ ہوئی ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وفاقی حکومت نے اپنا میگا پروگرام اڑان شروع کر رکھا ہے، اڑان پروگرام کے بعد اب پاکستانی معیشت نے اڑان بھرنی ہے، انہوں نے کہا کہ جس ملک کی سڑکوں پر انتشار ہوگا وہاں سرمایہ کار نہیں آ سکتے۔ احسن اقبال کا کہنا تھا کہ ن لیگ نے اپنے مقدمے ملکی عدالتوں میں لڑے، ہم نے اپنے ملک کو بدنام نہیں کیا، آج پی ٹی آئی مظلوم بنتی، پی ٹی آئی نے ملکی پچاس ارب روپے اپنے دوست کے اکاؤنٹ میں ڈلوائے، یہ ڈاکہ نہیں تو کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیازی نے قیمتی تحائف سستے داموں فروخت کر کے خود کو فائدہ پہنچایا، نیازی سیاسی قیدی نہیں ایک کرمنل قیدی ہے، حکومت نیازی کو رہا نہیں کر سکتی۔

بقیہ نمبر 44

مختلف مقامات کو شامل کیا گیا ہے۔ فہرست میں پاکستان خطے کے ممالک بھارت، بنگلہ دیش، سری لنکا اور نیپال سے بھی پیچھے ہے اور یمن کے برابر رینکنگ حاصل ہے۔ اس فہرست میں پاکستان کا نمبر 33 ممالک کے فری ویزہ سہولت کے ساتھ دنیا کے بہترین پاسپورٹس کے حامل ممالک میں 103 نمبر پر موجود ہے۔ خطے کے ممالک میں بھارت کی بھی تنزلی ہوئی اور 2024 میں 80 کے مقابلے میں نئے سال میں 5 نمبر پیچھے 85 ویں نمبر پر ہے، اسی طرح امریکا بھی تنزلی والے ممالک کا حصہ ہے۔ دنیا کے مضبوط پاسپورٹس کے حامل سرفہرست 10 ممالک میں سوائے متحدہ عرب امارات کے کوئی بھی اسلامی ملک شامل نہیں ہے، متحدہ عرب امارات کا نمبر بھی 10 واں ہے اور اس میں چند دیگر ممالک بھی شامل ہیں۔ دنیا کا مضبوط ترین پاسپورٹ کا اعزاز ایشیائی ملک سنگاپور کو حاصل ہے، دوسرے نمبر پر جاپان ہے، جس کے بعد سرفہرست 10 ممالک میں یورپ کے ممالک کی تعداد زیادہ ہے۔ تیسرے نمبر پر یورپ کے 5 ممالک اور جنوبی کوریا موجود ہیں، یورپی ممالک میں فن لینڈ، فرانس، جرمنی، اٹلی اور اسپین شامل ہیں۔ چوتھے نمبر پر 7 ممالک موجود ہیں، جن میں یورپی ملک آسٹریا، ڈنمارک، آئرلینڈ لیکسمبرگ، نیدرلینڈز، ناروے اور سویڈن جیسے پرامن ملک کے نام ہیں۔ اسی طرح پانچویں نمبر پر بیلجیم، نیوزی لینڈ، پرتگال، سوئٹزرلینڈ اور برطانیہ ہیں۔ دنیا کے مضبوط ترین پاسپورٹس کی فہرست میں چھٹے نمبر پر آسٹریلیا اور یونان ہیں۔ ساتویں نمبر پر کینیڈا، مالٹا پولینڈ، آٹھویں نمبر پر جمہوریہ چیک اور ہنگری ہیں، امریکا 9 نمبر پر ایسٹونیا کے ساتھ شامل ہے۔ دسویں نمبر پر لیٹویا، لیتھوانیا، سلوو بینیا اور متحدہ عرب امارات کے نام ہیں، گیارھویں نمبر پر کروشیا، آئس لینڈ اور سلوواکیا، بارھویں نمبر پر ملائیشیا موجود ہے۔ دنیا کی بڑی معیشتوں میں سے ایک چین کا نمبر 60 ہے اور ان کے پوائنٹس 85 ہیں، روس اور ترکیہ مشترکہ طور پر 46 ویں نمبر پر ہیں، ان کے بعد قطر کا نمبر آتا ہے۔ خیال رہے ہینلے پاسپورٹ انڈیکس ماہانہ بنیاد پر جاری کیا جاتا ہے اور اس کو عالمی سطح پر سفر کے لیے اور دنیا میں پاسپورٹ کی اہمیت کے حوالے سے آزاد ریاستوں کے لیے معیاری حوالہ سمجھا جاتا ہے۔

بقیہ نمبر 45

انٹیلی جینس نیٹ ورک کی مدد سے کریمنلز کو قانون کی گرفت میں لایا جائے۔ پولیس تفتیش، تحقیق و دیگر ضروری امور سے دفتر ہذا کو آگاہ کیا جائے۔

بقیہ نمبر 46

مظاہرین کا کہنا ہے کہ مطالبات کی منظوری تک مین شاہراہ بند رہے گی۔ مین شاہراہ کی بندش کے باعث کرم اشیائے خوردونوش کے مزید قافلے ٹل میں کھڑے ہیں اور ڈرائیور سات دنوں سے پاڑاچنار جانے کے منتظر ہیں۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق مندوری دھرنا مظاہرین کے ساتھ وقتا فوقتا مذاکرات جاری ہیں، مذاکرات کامیاب ہوتے ہی کرم کیلئے اشیائے خوردونوش کا دوسرا قافلہ روانہ کریں گے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ٹل کینٹ میں مندوری دھرنا مظاہرین کے ساتھ آج مذاکرات متوقع ہیں۔

بقیہ نمبر 47

مطابق جنگل میں خوفناک آتشزدگی سے ہلاکت خیزی کو دیکھتے ہوئے نیشنل گارڈ کو بھی طلب کر لیا گیا۔ صرف پیسیفک پیلیسیڈس میں آگ نے تقریبا 20 ہزار ایکڑ جنگلات کو جلا کر بھسم کر دیا جب کہ الٹاڈینا کے آس پاس ایک اور آگ نے 13 ہزار 700 ایکڑ کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ گزشتہ شب کلاباساس اور امیر پوشیدہ ہلز انکلیو کے قریب بھی آگ بھڑک اٹھی تھی جو دنیا کی سب سے مہنگی پراپرٹی کا علاقہ سمجھا جاتا ہے۔ ان علاقوں میں کم کارڈیشین، پیرس ہلٹن، انتھونی ہاپکنز اور بلی کرسٹل جیسی مشہور شخصیات کے گھر ہیں اب جہاں ویرانی نے ڈیرے ڈال رکھے ہیں۔ کینتھ فائر چند گھنٹوں کے اندر تقریبا ایک ہزار ایکڑ تک پھیل گئی۔ اب تک مجموعی طور پر ان علاقوں سے ایک لاکھ 80 ہزار افراد بے گھر ہو گئے۔ آگ بجھانے کے لیے درجنوں فائر بریگیڈ کی گاڑیاں اور عملہ چوبیس گھنٹے اپنا کام جاری رکھے ہوئے ہیں تاہم 160 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے چلنے والی تیز ہوائیں آگ کو مزید پھیلا رہی ہیں۔ تیز ہواوں کے تھمنے پر ہیلی کاپٹر کے ذریعے آگ بجھانے کے لیے پانی اور کیمیکل کا چھڑکاو کیا جاتا ہے تاہم مختصر وقت کے لیے کی گئی اس کارروائی سے اب تک موثر کامیابی حاصل نہیں ہو سکی۔ آتشزدگی میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد 10 سے زائد ہو گئی جب کہ زخمیوں کی تعداد 20 کے قریب ہے۔ متعدد افراد کو دھوئیں کے باعث دم گھٹنے کی شکایت پر اسپتال لایا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 48

کی دکان میں خاتون اور بچی نے موبائل فون اور پرس چوری کیا اور فرار ہو گئیں۔ واردات کی سی سی ٹی وی فوٹیج منظر عام پر آ گئی ہے، جس میں خاتون اور بچی کو چوری کرتے ہوئے واضح طور پر دیکھا جا سکتا ہے۔ ملزمان نے سیلز گرل کو باتوں میں الجھا کر چوری کی واردات کی۔ واردات کے لیے چار خواتین رکشے میں آئی تھیں۔ واردات کے بعد تمام خواتین رکشے میں فرار ہو گئیں، جس سے ان کی چالاکی اور منصوبہ بندی ظاہر ہوتی ہے۔

بقیہ نمبر 49

شخص زخمی ہوا۔ حادثے کے بعد مشتعل افراد نے ٹینکر کو آگ لگا دی، جس کا ڈرائیور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ علاوہ ازیں بلدیہ ٹاؤن کے قریب حب ریور روڈ پر ایک اور افسوسناک حادثے میں واٹر ٹینکر نے 2 موٹر سائیکل سواروں کو کچل دیا، جس کے نتیجے میں دونوں افراد موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے۔ اس واقعے کے بعد بھی ڈرائیور فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ واٹر ٹینکر کی ٹکر سے ہلاکتوں کے علاوہ کاٹھور کے علاقے میں ایک گاڑی کی ٹکر سے زخمی ہونے والا کوسٹ گارڈ اہلکار زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا، جبکہ حادثے کے بعد ڈرائیور کار چھوڑ کر فرار ہو گیا۔ ادھر کورنگی کے قریب چڑا چورنگی پر ایک کار نے موٹر سائیکل کو ٹکر مار دی، جس سے موٹر سائیکل نالے میں جا گری اور ایک شخص ہلاک اور دوسرا زخمی ہو گیا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق دونوں بھائی تھے۔

بقیہ نمبر 50

موصول عدالتی احکامات کے ڈیٹا، ایف آئی آر کے اندراج اور عمل درآمد سے متعلق تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ آئی جی سندھ کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ شہری ایف آئی آر کے عدم اندراج اور تاخیر کے سبب عدالتوں سے رجوع کرتے ہیں۔ تحقیقات کے مطابق ایف آئی آرز کے عدم اندراج اور تاخیر کی شکایات میں مختلف وجوہات سامنے آئی ہیں۔ اس موقع پر آئی جی سندھ نے کہا کہ نامعلوم ملزمان کے خلاف سنگین جرائم سے متعلق شہریوں کی فری رجسٹریشن آف ایف آئی آرز کے عمل کو یقینی بنایا جائے۔ ایف آئی آر کے عدم اندراج سے متعلق موصول ہونیوالی شکایات پر فوری ایکشن کو یقینی بنایا جائے۔ بروقت اور فوری ایکشن کے تحت متعلقہ تھانہ انچارج اور عملہ کو تبدیل کر کے محکمانہ کاروائی کی جائے۔ ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز ڈویژنز اور ڈسٹرکٹ شکایتی سیلز کی کارکردگی سے متعلق سیشنز کا انعقاد کیا جائے۔ ڈویژنل ڈی آئی جیز اور ضلعی ایس ایس پیز عوامی شکائتوں کے اندراج اور ازالہ کو یقینی بنائیں۔

بقیہ نمبر 51

کرسٹل آئس اور 80 گرام ہیروئین سعودی عرب اسمگل کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔ کسٹمز حکام کی جانب سے مسافر کی ابتدائی تلاشی میں کوئی مشکوک شے برآمد نہ ہو سکی لیکن ایئرپورٹ پر تعینات کسٹمز حکام نے شک کی بنا پر مسافر کے ٹرالی بیگ کی اسکیننگ کی اور بعدازاں اسے پھاڑ کر اسکے ہینڈل، سائیڈ پینلز اور دیگر خفیہ خانوں سے منشیات برآمد کی گئی جو انتہائی مہارت کے ساتھ چھپائی گئی تھی۔ برآمد ہونے والی کرسٹل آئس اور ہیروئین کی مالیت 1 کروڑ روپے سے زائد ہے۔ حکام نے مقدمہ درج کر کے خیر پور سے تعلق رکھنے والے مسافر کو گرفتار کر لیا ہے۔

بقیہ نمبر 52

پر گئے۔ پہلے پوری فیملی کو اجازت ہوتی تھی۔ انہوں نے بانی پی ٹی آئی تک رسائی محدود کر رکھی ہے۔ یہ ٹارچر ہے، ذاتی معالج کو بھی نہیں ملنے دیا جا رہا۔ بانی پی ٹی آئی چیزیں مانگتے ہیں تو یہ لوگ تنگ کرتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی نے کہا ہے کہ ہم اسلام آباد ہائی کورٹ گئے، سپریم کورٹ بھی گئے، کوئی ہماری بات سننے کو تیار نہیں ہے۔

مختصر اشتہارات
نرخ 100 روپے فی سطر
اشتہارات کی بکنگ کیلئے رابطہ کریں
0310-0018168

متوجہ ہوں
کراچی کے کسی بھی علاقے میں
روزنامہ ''اتفاق نیوز'' نہ ملنے کی
صورت میں رابطہ کریں
0310-0018168